مجھے معلوم تھا یہ سب... میرا وجدان کہتا تھا
اِک حادثہ درپیش ہونا ہے... مجھے درویش ہونا ہے
فلکیاتی وطلسماتی وطبی وروحانی حقائق ودقائق پر مشتمل مخفی علوم کا مستند ترین جریدہ۔
شمارہ نمبر 1
جلد نمبر 1
APRIL
2020
ماہنامہ
روحانی
وِجدان
ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کا ترجمان
حاضری
سحر وجادو
تیر محبت
بندش
وجدان
کیا ہے؟
احضار
قطِ اسود
علم رمل اور
کوروناوائرس
حصول مکان
ذاتی

صحیح ترین تشخیص کامیاب ترین علاج کی ضمانت ہے۔

خدانخواستہ اگر آپ کسی پیچیدہ مرض کا شکار ہیں تو

شعبہ روحانیات سے یہ معلوم کرالیں کہ آپ کا مرض کیا ہے؟
جسمانی ہے یا روحانی؟ کب اور کس طریق علاج سے شفاء ہو سکے گی؟

یاد رکھیں!

آپ کے مرض کی صحیح تشخیص ہی کامیاب علاج کی بنیاد ہے اور
ہمارا شعبہ روحانیات آپ کے مرض کی درست تشخیص کی ضمانت دیتا ہے

ہمارے یہاں مریضوں کے عوارض کی تشخیص اور ان کے علاج کے لیے

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

کی زیر سرپرستی ایک نہایت مضبوط قسم کا مشورہ بورڈ قائم ہے جس میں مختلف طریقہ ہائے علاج کے معالجات پر مکمل عبور اور کامیاب دسترس رکھنے والے انتہائی قابل اور تجربہ کار معالجین شامل ہیں، مقامی مریض حضرات جب چاہیں خود تشریف لا کر بہترین تشخیص اور مؤثر علاج سے فیض یاب ہو سکتے ہیں دور دراز کے غیر مقامی مریض اپنے مرض کی کل کیفیت ظاہری علامات بے کم و کاست تحریر کر کے بذریعہ خط و کتابت ہی تشخیص و علاج تجویز کروا سکتے ہیں اس کے ساتھ مشورہ فیس =/500 روپے بذریعہ منی آرڈر یا بینک اکاؤنٹ میں ارسال فرمائیں۔

غرباء اور نادار مریضوں کے لیے مفت مشورہ اور علاج میں خصوصی رعایت برتی جاتی ہے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

میری انتہائے نگارش یہی ہے یا رب
تیرے نام سے ابتداء کر رہا ہوں

التماس دعا

مومنین سے گزارش ہے کہ اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر حضرت آدمؑ سے لے کر آج تک جتنے بھی مومنین بہن، بھائی اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے ہیں اُن سب کو ایصال ثواب کریں۔

خاص بالخصوص میرے والد گرامی مقصود احمد (مرحوم) اور روحانی والد عابد جعفری (مرحوم) کو ایصال ثواب کریں جن کی یاد میں یہ روحانی جریدہ آپ قارئین و شائقین کی نظر ہے

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک	بیرون ملک سالانہ
50 روپے	1300 روپے	65 امریکی ڈالر

قارئین سے چند گزارشات

ملاقات کے لیے آنے والے خواتین وحضرات سے گزارش ہے کہ وہ کسی زحمت سے بچنے کے لیے فون پر پہلے ملاقات کا وقت طے کرلیں ورنہ ملاقات نہ ہوگی۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ فون پر اپنے مسائل کا حل پوچھتے ہیں اور عملیات کی اجازت مانگتے ہیں۔ عرض ہے کہ فون سے زیادہ خطوط کو ترجیح دیں جو آپ کا مسئلہ ہو یا جس عمل کی اجازت لینی ہو اُس کی تفصیل خط میں لکھیں۔

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں!

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

فہرست

علم وجدانیہ صرف گہرے ایقان کے بعد ہی حاصل ہوتا ہے عقیدے کا آخری مقام وجدان ہے یہ علم جذبات کا مرکز ہے دنیا میں آج تک وجدان سے گہرا اور حقائق کے زیادہ قریب کوئی علم پیدا نہیں ہوا یہ علم انبیاء، اولیاء اور صوفیاء کا علم ہے۔ عقیدہ جب اپنے آخری مقام تک پہنچتا ہے تو وہ عشق کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور عشق ایک دیو قامت اور چٹان صفت جذبہ ہے چنانچہ انبیاء اس سے وحی، اولیاء اس سے الہام اور صوفیاء اس سے مکاشفات حاصل کرتے ہیں وجدان تک رسائی تب ہی ممکن ہو سکتی ہے جب کوئی علم متصوّرہ اور علم مصدّقہ کی کماحقہ معرفت حاصل کر چکا ہو ورنہ عموماً لوگ علم متصوّرہ اور علم مصدّقہ تک ہی محدود رہتے ہیں اور علم وجدانیہ کا یا تو یکسر انکار کر دیتے ہیں یا پھر محض لاشعوری ایقان کے قائل ہوتے ہیں وجدان کو صوفیاء کے اصطلاح میں علم لُدّنی بھی کہا جاتا ہے۔ انبیاء، اولیاء اور صوفیاء ہمیشہ وجدان ہی کے ذریعے خلق خدا کی رہنمائی کرتے رہے ہیں تب ہی اُن کا علم حقائق کے زیادہ قریب ہوتا ہے چنانچہ دنیا میں اگر کوئی حق کی جانچ پڑتال کا شغف رکھتا ہے اور وہ علم جدانیہ سے محروم ہے تو بالیقین وہ حقائق تک کماحقہ رسائی سے محروم ہے۔ علم وجدانیہ کے متعلق علامہ محمد اقبالؒ کے دو بند بطور تمثیل پیش کیے جاتے ہیں۔

اِک دانش نورانی، اِک دانش برُہانی
ہے دانش برُہانی، حیرت کی فراوانی

اس پیکر خاکی میں اِک شے ہے سو وہ تیرے میرے لیے مشکل ہے۔ اس شے کی نگہبانی میں علامہ محمد اقبالؒ نے پیکر خاکی یعنی انسان کے اندر موجود جس شے کا ذکر کیا ہے در حقیقت وہ **علم وجدانیہ** ہے۔

اللہ جل شانہ کے کرم کو کون بیان کرسکتا ہے کہ کس نے اگر اُس کا ایک کرم بیان کیا تو اُس پر اکرام کی بارشیں ہونے لگیں۔ جس نے اُس کی کرم نوازیوں کو سمجھا، اُن کو بیان کیا، دوسروں کو اُن کا احساس دلایا وہ صاحبِ انعام واکرام قرار پایا۔ ایک تو وہ خود ذاکر ہوا اور علم کی رفعتوں کو پہنچا دوسرا دنیا کی تاجداری کے ساتھ ساتھ باطن میں بھی تاجدار ہوتا گیا۔ اللہ خالق ہے اور حضور ﷺ اُس خالق عظیم کے محبوب ہیں۔ محبت، محبوب اور محبّ کے درمیان مراتب کو گرادیتی ہے۔

گویا طلب نے ایک کو طالب بنایا اور دوسرا بھی طالب ہوا تو ایک طالب نے مطلوب کو پالیا اور دوسرے طالب نے بھی۔ ایک بھی پانے کے بعد اس میں ضم ہوگیا اور دوسرا بھی، جس طرح بہت پہلے ایک نور نے ایک نورِ پاک کو جدا کیا تھا کچھ عرصہ فراق کے بعد پھر مقام وصال آگیا۔ (۱)

جس طرح دریا میں ایک قطرہ پھینکا جائے تو قطرہ فنا ہوجاتا ہے، اُس کا وجود باقی نہیں رہتا، وہ اپنے وجود سے فنا ہوکر دریا کے وجود میں بقا پا گیا۔ یعنی وہ وجود سے فنا ہوا مگر موجود رہا، دریا کے ساتھ اُس نے بقا کو پالیا۔

قال اللہ تعالیٰ فی شان حبیب ﷺ:

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ (۱)

"اور اے محبوب وہ خاک جو آپ نے پھینکی آپ نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی۔"

اس آیت کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ مکان وصال حاصل کرلینے کے بعد اب فعل مصطفی ﷺ فعل خدا بن گیا ہے کہ محبوب کریم ﷺ کا ہر عمل دراصل عمل الٰہی ہے۔ ایک اور فرمان خداوندی سوئے ہوئے دلوں کو باآواز بلند جگا رہا ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى۔ (۲)

"اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں مگر وحی، جو انہیں کی جاتی ہے۔"

اس آیت کریمہ سے بھی واضح ہوتا ہے کہ محبوب کریم ﷺ اپنی خواہش سے ہرگز ہرگز نہیں بولتے جب بھی بوتے ہیں تو اللہ کی طرف سے عطا کیے گئے الفاظ ارشاد فرماتے ہیں۔ اہل اسلام کو غور کرنا چاہیے کہ جس شخصیت ﷺ کا یہ عالم ہے کہ اُن کے فعل کو رب تعالیٰ اپنا فعل قرار دیتا ہے اور جن کے بولنے کو اپنا بولنا ٹھہراتا ہے اُس کی شان شوکت اور عظمت کا یہ حال ہوگا۔ اُن کی کتنی بھی تعریف کی جائے انسانوں کی زندگیاں بیت جائیں مگر تعریف کا ایک باب بھی پورا نہ ہوگا درحقیقت محبوب ﷺ بھی عظیم ہیں اور اُن کی تعریف بھی عظیم ہے اور یہ عظیم تعریف مکمل صرف رب عظیم ہی کرسکتا ہے۔

عام لوگوں کے لیے ضروری ہے کہ ہر سانس میں اپنے رب کا شکر ادا کریں کہ اللہ پاک نے اُن کو اپنا محبوب ﷺ عطا کیا، ہمیں چاہیے کہ اُس پیارے محبوب ﷺ کہ پیارے پیارے نغمات گاتے رہیں اور اُن پر لاتعداد درود و اسلام کے نذرانے نچھاور کرتے رہیں۔ رحمت عالم، سرکار دو عالم ﷺ کا اُمتی جو ذکر سرکار ﷺ سے غافل ہو اُس کے لیے یہ بات باعث شرم ہے کہ اُس کو عطا سرکار ﷺ کہ ہوا اور وہ گیت کسی اور کے گائے۔

قرآن پاک میں ایک اور جگہ اللہ پاک نے شان مصطفی ﷺ یوں بیان فرمائی ہے۔

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ۔ (۱)

"اے محبوب، جب تم سے میرے بندے میرا پوچھیں تو میں نزدیک ہوں۔"

اس آیت مبارکہ پر غور کریں اللہ پاک نے فرمایا کہ اگر کوئی آپ ﷺ کے پاس آ کر میرے بارے میں سوال کرے کہ میں کہاں ہوں کون ہوں کیسا ہوں تو اسے بتا دیجیے کہ میں قریب ہوں۔ گویا اللہ قریب ہے بندوں کے مگر اس کی معرفت تب حاصل ہوگی جب مصطفی کریم ﷺ سے سوال کریں گے پھر وہ طریقہ بتائیں گے جس سے واقعتاً اُس کی قربت کا احساس ہوگا اور وہ سمجھ میں آجائے گا۔

حضور ﷺ شیخ تھے اہل بیت رضی اللہ عنہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی تربیت باطنیہ فرماتے تھے۔ بطور شیخ الطریقہ اور معلّم کے طور پر آپ ﷺ نے اپنے مریدین صحابہ کرام رضی اللہ عنہ اور اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہ کو طریقہ ہائے باطنی سے آگاہ کیا۔ جس سے اُن کو اس قدر یقین حاصل ہوا کے اُنھوں نے اللہ کو محسوس کیا مشاہدہ کیا، اپنے محبوب ﷺ کے قریب ہونے کے راز سے آگہی ہوئی۔

سرکار دو عالم رسول اللہ ﷺ کی صحبت پاک، مجاہدات باطنیہ، ذکر اذکار توجہ وار دھیان، غور فکر سے اُنھوں نے جب اپنے رب کو پہنچان لیا اور اپنے نفس کو پہنچان لیا تو اب یہ حال ہے کہ اب اُن کے ٹکڑے بھی کر دیے جاتے وہ پھر بھی ایمان کو نہ چھوڑتے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ سے یہ فیضان اولیائے امت تک پہنچا۔ اب اصل طریقہ جہاں جہاں پایا گیا چراغ مصطفوی ﷺ روشن ہوا۔ اولیاء اللہ کے قرب سے بے شمار طالبانِ حق اس کا مشاہدہ کر چکے ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں امت محمدیہ ﷺ کو بالعموم اور طالبان حق کو بالخصوص آگاہ کیا جا رہا ہے کہ اگر وہ راہ ہدایت چاہتے ہیں تو اتباعِ رسول ﷺ کو اختیار کریں اور اللہ کے حضور محوِ التجاء رہیں۔ اگر وہ اپنی طلب میں پختہ رہیں گے تو ایمان کی حلاوت اور تازگی نصیب ہوگی۔ کمال ایمان حاصل ہوگا پھر استقامت سے در اقدس کے ساتھ جڑے رہیں گے تو ہدایت والا راستہ اُن کو نصیب ہو جائے گا جس کے ذریعے وہ نظر مصطفی ﷺ کا شکار بن کر محبت الٰہیہ کے قابل بن جائیں گے المختصر طالب کو طلب رکھنی چاہیے طلب سے ایمان، ایمان سے راستہ، راستے سے نظر مصطفی ﷺ اور در مصطفی ﷺ سے محبت الٰہی کے قابل ہو جاتے ہیں اور جو قابل ہوتا ہے اُس کو عطا بھی کیا جاتا ہے۔

یہ سب بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ حب رسول ﷺ تمام دلوں میں چمکتا دکھائی دے اور جو بھی اس تحریر کو پڑھے وہ اس نکتہ پر پہنچ جائے کہ پوری کائنات کی جان آقا کریم ﷺ ہیں اور ایمان کی اس بنیاد پر جس کا خاتمہ ہوگا اللہ کے فضل سے اُس کے نامہ اعمال میں سب سے بڑا وزنی عمل حب رسول ﷺ ہی ہوگا اور وہ بلا شک و شبہ اللہ کے قہر و غضب سے محفوظ رہے گا۔

تو جب کوئی شخص میری تحریر سے طلبگار حب رسول ﷺ بنے گا تو یقیناً اُس وقت اللہ کی رحمت طلب گار غلام محبوب خدا ﷺ ہوگی۔ سمجھ لیں کے فقیر کا ہر لفظ باعث نجات مسلمین ہے اللہ ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے اعمال کو قبول کرے اور فیصلہ ہمارے اعمال پر نہ دے بلکہ اپنی رحمت کے باعث اور اپنے حبیب ﷺ اور آل حبیب ﷺ کے صدقے میں مجھے اور تمام مسلمانانِ جہاں کو معاف کرے۔

آمین بجاہ نبی الکریم و آلہ الطیبین

ذکرِ وجدان

از تحریر: پیر اویس جعفری (ماہرِ روحانیات)

قدرت کے راز ... از فطرت کے راز

نیلی روشنیوں و دیگر روشنیوں کا مراقبہ

آرام وسکون سے دوزانوں ہو کر یا چوکڑی مار کر بیٹھ جائیں۔ کپڑے آرام دہ ہوں۔ جگہ آرام دہ اور پُرسکون ہو۔ مراقبہ سے پہلے تھوڑا سا پانی پی لیں اور تھوڑا سا پانی نمک کی معمولی چٹکی ڈال کر اپنے پاس رکھ لیں۔ یہ پانی مراقبہ کے اختتام پر بسم اللہ 3 بار دم کر کے پینا ہے۔ مراقبہ شروع کرنے سے پہلے ایک برتن میں پانی لینا ہے۔ اس میں گلاب کا تازہ پھول ڈال دیں۔ پھر اعوذ باللہ، بسم اللہ اور درود اویسیہ 3 بار پڑھ کر آرام وسکون سے بیٹھ جائیں اور آنکھیں بند کر کے محسوس کریں اور تصور کریں کہ ایک کھلی وادی ہے اور دریا یا نہر کے کنارے آپ بیٹھیں ہیں اور ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہے۔ درخت اور اونچی پہاڑیاں ہیں۔ آپ اکیلے بیٹھیں ہیں خدا تعالیٰ عظیم الشان و برتر کی طرف دھیان رکھیں۔ سانس ہلکی کر لیں یا بند کر لیں کوئی اور آواز نہ ہو۔ تصور کرنا ہے کہ میں خدا کے دربارِ عظیم میں موجود ہوں۔ آسمان نیلا ہے۔ آس پاس نور ہی نور ہے اور ہلکے نیلے و سبز مائل نور کے پردے لٹکے ہوئے ہیں جس پر لکھا ہے اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ تم خدا کے حضور میں موجود ہو خدا تعالیٰ کی عظیم بابرکت ذات تمہیں دیکھ رہی ہے۔ جب تصور قائم ہو گا تو یہ کیفیت ہوگی۔ دماغ یا سر بھاری ہو جائے گا اور جسم سُن ہو جائے گا۔ پھر الحمد شریف پڑھیں اور پڑھتے پڑھتے اُسی میں غرق ہو جائیں کم از کم پندرہ منٹ، بعد از اں محسوس کریں کہ نور کے کئی رنگ یا رنگین نور اوپر سے آس پاس سے آ کر آپ میں جسم میں داخل ہو رہا ہے آپ کے منہ اور دل میں جا رہا ہے۔

فوائد

یہ مراقبہ خدا تعالیٰ کے برتر عظیم ذات کے تجلیات و برکتوں کے کروڑہا اربوں حصوں میں سے ایک حصے کا 70 ہزار ارب کروڑ کا معمولی حصہ ہے۔

اس مراقبہ سے بندہ خدا تعالیٰ کے پاس چلا جاتا ہے یعنی قریب ہو جاتا ہے۔ حسد، غیبت، جھوٹ، کینہ اور ہر قسم کے گندے خیالات سے پاک ہو جاتا ہے۔ جسم میں انوار و تجلیات کے ذخیرے جمع ہو جائیں گے۔ تمام دنیاوی و دینی روحانی مسائل ختم ہو جائیں گے۔ تمام عالمِ روحانیت میں ایک مقامِ عظیم ہو گا بزرگوں یا پیغمبران علیہ اسلام صدیق صالحین کے قدموں میں جگہ مل جائے گی۔ سب پریشانیاں ختم ہو جائیں گیں۔ اللہ تعالیٰ ہر کام کا ذمہ خود لے لیں گیں۔ سب نیکیاں ہی نیکیاں ہو ں گیں تمام دعائیں مستجاب الدعوات ہو جائیں گیں اور ضمیر روشن ہو جائے گا۔ اطمینان قلب حاصل ہو گا۔ عذاب الٰہی اور بلاؤں و مصیبتوں سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی۔ خوشیاں اور مسرتیں حاصل ہوں گی۔ دونوں جہانوں کی برکتوں میں اضافہ ہو گا۔ روح اور جسم کی سیر ممکن ہو سکے گی۔ کچھ عرصہ مدامت سے روح اور جسم کی مکمل تسخیر ہو گی اور ہوا کے دوش پر سفر کر سکیں گے تمام مخلوق مسخر ہو گی ایک دفعہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرنے سے سحر اور جادو و سایہ ہمیشہ کے لیے نیست و نابود ہو جائے گا نیز آپ ایک اکسیری شخصیت بن جائیں گے کہ جس کی طرف نظر کریں گے بفضل خدا سب بیڑے پار ہو جائیں گیں۔ بس اس سے زیادہ تشریح ممکن نہیں۔

"عقل مند را اشارہ کافی است"

نوٹ

مراقبہ کے اختتام پر نمک والا پانی پی لینا ہے، ایک مقرر وقت پر مراقبہ کرنا ہے، گلاب کا پھول ہر تیسرے روز تبدیل کر لیا کریں اگر ہر روز نیا رکھا تو کیا کہنا۔

نقطہ حکم خاک کو سیر دی جو کہ خانہ چہاردہم پھر خانہ یازدہم اور پھر خانہ ششم سے ہوتا ہوا ہفتم اور ہشتم پر انتہا پایا۔ نقطہ خاک مرکز خاک میں مضبوط ہے جو اس چیز کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ مرض مخصوص مدت کے لیے ہے اس کا مطلوب حال شکل فرح خانہ چہاردہم میں مظبوط ہے خانہ ہشتم اور خانہ چہاردہم کے ساتھ نظر تشلیث رکھتا ہے پس حکم یہ ہوا کہ پاکستان میں کرونا وائرس اپنا شکنجہ نہیں گاڑ سکے گا صحت وسلامتی اور امن کا ساتھ ہے چونکہ نقطہ حکم خاک خانہ ہشتم میں منتہی بہ ہوا خانہ ہشتم منسوب ہے خوف اور موت کے ساتھ حکم یہ ہے کہ عوام میں خوف اور دہشت بڑھ جائے گی۔ نقطہ ششم طریق خانہ نہم اور یازدہم میں موجود ہے اور مطلوب حال اس کا شکل انکیس خانہ دہم میں موجود ہے خانہ نہم کی خانہ دہم سے نظر مقانہ جب کے خانہ یازدہم کی خانہ دہم کے ساتھ نظر ساقط ہے یہ نقطہ بیماری کا نقطہ ہے پس حکم یہ ہے کہ جزوی بیماری آئے جو کہ غلبہ نہ پا سکے گی۔ نقطہ پنجم اس کا عتبہ الداخل ہے جو کہ خانہ ہفتم میں قوی ہے اور مطلوب حال اس کا طریق خانہ نہم میں مسالمت جبکہ خانہ یازدہم میں مضبوط ہے اور نظر تثلیث وتسدیس رکھتا ہے حکم یہ ہے کہ افواہیں سوشل میڈیا کے ذریعے بہت زیادہ گردش کریں گی۔ نقطہ نہم آتش نصرۃ الخارج بظاہر زائچہ میں موجود نہیں جبکہ درباطن خانہ اول میں موجود ہے اور مطلوب حال اس کا قبض الخارج بھی بظاہر زائچہ میں موجود نہیں جبکہ درباطن خانہ سوم میں موجود ہے اور مفقود الخبر ہے۔ حکم یہ ہے کہ سفری آمدورفت جزوی طور پر متاثر ہو گی دوران سفر کچھ لوگ بیمار بھی ہوں گے مگر کورونا وائرس کا شکار نہیں ہوں گے۔ نقطہ یازدہم آتش عتبۃ الخارج خانہ تیرہ میں مضبوط ہے جبکہ مطلوب حال اس کا ظاہر و باطن موجود نہیں پس حکم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس کی جانب سے مخلوق خدا پر یہ ایک امتحان ہے لہذا خدا کی ذات سے غافل نہ ہوں اور دعاؤں کا دامن نہ چھوڑیں۔

واللہ العالم بالصواب

تصوف (سلسلہ وار)

ازتحریر: ڈاکٹر محمد اطہر فیاض چشتی صابری (بہاولپور)

الحمداللہ والصلوۃ والسلام علی النبی واعلی واصحابہ واولیاء اجمعین تمام حمد وثناء اُس ذات باری تعالیٰ کے لیے رواہ ہے جوکہ اسی کائنات کا خالق ومالک ہے ۔ساری کائنات اس کے کلمہ **کُن** کا ادنہ کرشمہ ہے پس حمد وثناء کمال و جمال پرنظر کرنے سے پیدا ہوتی ہے اور مرتبہ احدانیت میں وحدت واحدت اور صفات واسماء سب گم ہیں

نہ علم ہے نہ خبر، نہ بے علمی کا علم نہ بے خبری کی خبر، نہ حمد ہے نہ حامد نہ محمود نہ خدا نہ رسول، نہ عبد نہ معبود نہ عدم نہ وجود، نہ عبارت نہ اشارت، نہ بیان ہے نہ زبان۔

کیونکہ احدیت حقیقت ہستی ہے۔جس کے ساتھ کوئی شریک نہیں وہ اور اُس کی حقیقت بھی جدا نہیں بلکہ متحد ہے نہ کُل ہے نہ جز ہے نہ عام ہے نہ خاص ہے۔اُسی کا نام ذات مطلق ہے بلکہ اطلاق سے بھی پاک ہے۔

محال ہے کہ عقل اُس کو پاسکے نہ اُس کا اثبات کرسکتی ہے نہ نفی۔وہ خود شاہد و خود مشہود ہے۔اور خود ظاہر وخود مظہر اپنے ظہور کی شدت میں آپ مخفی ومسطور ہے کوئی غیر نہیں جو باعث ظہور ہو ماسوا نہیں جو اس کا حجاب ہو سکے وہ اپنا حجاب آپ ہی ہے۔اس لیے حجابات میں ظاہر تر ہے اور بے حجابی میں پنہاں تر ہے ظہور میں خفا ہے۔

پس عقول وافہام، تقریر وتحریر حقیقت ہستی کا خاکہ نہیں کھینچ سکتی۔جب تک حامد کو محمود سے آگاہی نہ ہو حمد وثناء ممکن نہیں اگر آگاہی حاصل ہو جائے اجمالی طور پر تو احدیت نہ رہے مرتبہ وحدت میں نزول ہوا جہاں سب کچھ ہے اور کچھ بھی نہیں۔اسی لیے اِنِیْٓ اَنَا اللہ اور سُبْحَانِیْ مَآ اَعْظَمُ شَانِیْ یہی

اُس مرتبہ کی حمد ہے اور اگر آگاہی تفصیل ہے تو مرتبہ وحدت سے وحدیت میں نزول ہوا۔جہاں عابد ومعبود، ساجد ومسجود اور حامد ومحمود میں فرق وامتیاز ہے اس لیے یہاں حمد الحمد اللہ رب العالمین ہے۔

پھر بلحاظ احوال حمد کی تین قسمیں ہیں قولی، فعلی، حالی

حمد قولی چسیت اقرار زبان　　حمد فعلی اطاعت وعمل دان

(ترجمہ) زبانی حمد کیا ہے ایک آواز زبانی ہے اور حمد فعلی اطاعت وعبادت اور اعمال ظاہری ہیں۔

حمد حالی اتصاف جان ودل　　برصفات پاک وبرتر زآب وگِل

(ترجمہ) حمد حالی جان ودل کی صفائی ہے جس سے انسان اپنی پاک صفتوں کی وجہ سے آب وگِل کی کثافتوں سے برتر ہو جاتا ہے

درحقیقت حمد آں باشت کے تو　　پودہ باشی درکراں از غیر اُو

(ترجمہ) درحقیقت حمد وہی ہے کے تو اس کے غیر سے بے نیاز ہو جائے

آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اس کی حمد وثناء کا حدو احاطہ نہیں کرسکتا پس اے رب تو خود ہی اپنا حقیقی حامد ہے

چوں بعالم نیست غیر یار بس　　حامد ومحمود کو د بود وبس

چوں کے عالم میں سوائے اُس یار کے اور کوئی نہیں ہے لہذا بس وہی حامد ومحمود ہے

تمام جہان کے ذرات اس کے جمال ذات کا آئینہ ہیں

خدایا اول وآخر بھی تو ہے　　خدایا باطن وظاہر بھی تو ہے

رب ایک گنجل دھاز بجھارت تے رب اِک گورکھ دھندا

کھولن لگیاں پیچ　　اس دے کافر ہو جائے بندا (جاری ہے)...

یہ خادم خفیہ چیز کو ظاہر کرتا ہے۔ جادو کی حاضری کسی پر بخار مسلط کرنا، جگہ اور گھر خالی کرانا، وصل وفراق پیدا کرنا، خون جاری کرنا کسی پر بیماری مُسلط کرنا، دشمن کو زیر کرنا اور مخالف پر انتقامی کاروائی کرنا۔

ایسے تمام کاموں میں عامل کی مدد کرتا ہے۔ اس خادم کو حاضر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ یہ عمل عروج ماہ میں منگل یا بدھ کے علاوہ کسی بھی دن شروع کر سکتے ہیں تین دن کا عمل ہے آخری یوم جب حاضری ہو یا عکس نظر آئے تو پڑھائی موقوف کر کے اُسے مختصر اپنا کام کہہ دیں۔

کہ جاؤ اور میرا یہ کام کر دو

اور تھوڑی سی کام کی تفصیل بھی بیان کر دیں۔ عمل پڑھتے وقت ہینگ جلائیں ایک بلا حاضر ہو گا بعض اوقات بلوں کی پرچھائیاں اور آواز سنائی دیتی ہے اور بعض اوقات سیاہ رنگ کا بلا سرخ آنکھیں نکالے گھورتا ہوا حاضر ہوتا ہے۔

یہ حاضری فقط ایک کام کے لیے ہو گی دوبارہ حاضری کے لیے تین دن مزید پڑھائی کرنا ہو گی یہ خادم فقط ایک کام کرتا ہے جب کبھی دوبارہ ضرورت پیش آئے تو پھر حسب سابق اسی طرح ریاضت کریں جو کام کہیں گے فوری کر دے گا

عمل یہ ہے

آھیَاشِ خَلخُوشِ

ہر سینکڑے پر یہ آیت تین مرتبہ پڑھیں۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ

نوٹ

اجازت اور مکمل تسخیر کے لیے جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔

از تحریر: پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

حاضری سحر و جادو

منتر

کالا کلوا، کملا جٹا   کلوا بھاگے چاروں اٹا
انگ چلے سنگ چلے   ساٹھ جوگنی باون بیر چلے
سوہنی چلے موہنی چلے   نوسو ناری سات سو پران چلے
جلد جاؤ جلد لاؤ (فلاں بن فلاں) پر چلے
جادو کو لاؤ جنتر کو لاؤ   منتر کو لاؤ تنتر کو لاؤ
مرگھٹ سے لاؤ مسان سے لاؤ شجر سے لاؤ قبر سے لاؤ
گھر سے لاؤ باہر سے لاؤ جہاں ہے جادو وہاں سے لاؤ
جو نہ لاؤ تو دہائی پیغمبر سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی
چلے منتر پُھرے بَھا شادکھا پیر استاد اپنے علم کا تماشا۔

ترکیب عمل

یہ عمل ایک عیسائی عامل کا عطیہ ہے یہ عمل بہت ہی مشکل سے ہاتھ آیا ہے اس کو سُدھ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ بخور لبان اور ہینگ جلائیں اپنے سامنے ایک سرسوں کے تیل کا سکورہ چراغ روشن کریں اور نئے چاند کی پہلی منگل سے اس منتر کو 108 مرتبہ جاپ کریں 21 یوم کا عمل ہے آخری تین دن لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیں آخری یوم دوران چلہ دیوی دیوتا درشن دیں گے اُن سے سحر و جادو کی حاضری کا عہد لے لیں پس چلہ کے بعد 21 مرتبہ روزانہ مداومت کریں۔

ترکیب جلب وسحر

جب مریض پر سحر و جادو کی حاضری مطلوب ہو تو مریض کا تین دن پہنا ہوا کپڑا منگوائیں اور ایک مٹی کا بڑا برتن رکھ کر اُس میں چھری کو کھڑا کریں اور مریض کا کپڑا اُس چھری پر رکھ دیں اور اُس کپڑے سے اچھی طرح برتن کو چاروں طرف سے اچھی طرح ڈھانپ دیں اور مریض کا دائیاں ہاتھ چھری پر رکھوا کر 7-7-7 مرتبہ پڑھیں اور مریض کا کپڑا بمعہ چھری اُٹھا کر دیکھیں مریض پر چلے تعویزات، سوئیاں، کیل، گڈے اور تالے جو کچھ بھی ہو گا سب کا سب اُس برتن سے برآمد ہو گا

یہ عمل تاثیر میں عقلوں کو حیران کر دینے والا ہے منکرین کے لیے ایک نادر و نایاب تحفہ ہے اسے کریں اور علم کے زندہ و جاوید کرشمے سے فیض یاب ہوں

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں

آپ روحانی علوم کی تعلیم حاصل کر کے ہزاروں روپے ماہوار کما سکتے ہیں!

مخفی علوم سیکھیے

روحانی اکیڈمی

ادارہ مقیاس الروحانیات
برصغیر پاک و ہند کا واحد ادارہ

آئیے قدم بڑھائیے اور ہمارے ساتھ مل کر روحانی علوم کی تعلیم حاصل کریں اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی دیں۔

عوام کو مخفی علوم سیکھنے کا بے حد شوق ہوتا ہے لیکن صحیح رہنمائی نہ ہونے کی صورت میں وہ دربدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ بلکہ بعض تو اکثر لوگوں کو غلط رہنمائی کی صورت میں رجعت ہو جاتی ہے اور وہ لاعلاج روحانی بیماریوں کے مریض بن جاتے ہیں لہٰذا ان باتوں کو زیر نظر رکھتے ہوئے اِس راہ کے عظیم خدمت گار اور محقق **پیر اویس جعفری** (ماہر روحانیات) نے ایک روحانی اکیڈمی کا بیڑا اُٹھایا ہے اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی مہیا کر رہے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات میں ماہر اساتذہ کی زیر سرپرستی روحانی علوم کی مکمل تعلیم اور مناسب عملی تربیت کا معقول انتظام ہے۔ روحانیت کے شائقین خواتین و حضرات روحانی فنون سیکھ کر شہرت و عزت اور دولت حاصل کر کے باوقار زندگی گزار سکتے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

تیرِ محبت

ازتحریر:- پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

اس عمل کو میں محبت کا تیر کہتا ہوں کیونکہ یہ طلسم تیر کی طرح مطلوب کے دل میں پیوست ہوجاتا ہے۔اس کے مجرب ہونے میں ذرہ برابر بھی شک نہیں۔محبت کا اس قدر تیز اور بجلی جیسی تاثیر رکھنے والا عمل آپ موجودہ زمانہ کی کسی دوسری کتاب میں یارسالہ میں نہ پائیں گے۔میرے پاس محبت کے سینکڑوں اعمال وطلسمات ہیں۔لیکن اس کے باوجود بھی میں اس عمل کی چاشیر کا مداح ہوں۔اس عمل کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

اب اس عمل کا طریقہ معلوم کریں۔

سب سے پہلے عمل کے لیے پاک وصاف کمرہ کا انتخاب کریں۔اور اس جگہ کسی بھی خوشبودار چیز کی دھونی دیں۔اس کے بعد ذیل میں درج طلسم کو چینی کی پلیٹ یا ٹین کی تختی پر سیاہ روشنائی سے منگل کے روز سورج طلوع کے وقت منگل کے دوپہر ایک بجے لکھیں۔یہ ساعت مریخ کی ہوگی۔

طلسم لکھنے کے بعد اس تختی یا پلیٹ کو عود،لبان ذکر اور لبان جاوی کا بخور اس قدر دیں کی خوشبو اس تختی یا پلیٹ میں رچ بس جائے۔

عمل کے لیے اپنے پاس پہلے سے تیز آگ جلا کر رکھیں جب تختی کو بخور دے چکے تو اسے جلتی ہوئی تیز آگ میں پھینک کر ذیل کی عزیمت ۱۰۳ بار پڑھیں اگر مطلوب کا گھر قریب ہے تو ۱۰۳ مرتبہ عزیمت پڑھنے کی تعداد پوری نہ ہوگی کہ مطلوب حاضر ہوکر تابعداری کا دم بھرے گا۔اگر مطلوب دور رہتا ہے تو سمجھیں کہ آپ کے عزیمت پڑھتے ہی مطلوب گھر سے نکل چکا ہے اور پہنچنے والا ہے۔

عزیمت پوری کرنے کے بعد اس تختی کو جو آپ نے آگ میں پھینکی ہے نکال کر فوراً پانی میں ٹھنڈا کردیں بلکہ اس کے حروف پانی سے اچھی طرح دھوڈالیں اگر آپ نے ایسا نہ کیا اور تختی کو آگ میں ہی پڑا رہنے دیا اور مطلوب کسی شدید رکاوٹ کے باعث ملنے نہ آسکا تو یقیناً محبت کی شدت کی وجہ سے حالاک ہوجائے گا ورنہ کم ازکم پاگل تو ہوہی جائے گا۔اس لیے نہایت ہی احتیاط سے کام لیں اس عمل میں ہرگز شک نہ کریں بلکہ آزمائش کرکے دیکھ لیں کہ کیسا قیمتی طلسم ہے ایسے عمل لاکھوں روپے ملنے پر بھی عامل کسی کو نہیں بتاتے میں نے محض عملیاتِ حُب کے منکرین کے لیے لکھا ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو دلی نیک ارادوں میں کامیاب فرمائے۔(آمین)

عزیمت

أَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَااِبْلِیْسُ وَیَادَھْنَشُ وَیَافَقْطَشُ بِجَلْبِ قَلْبَ (نام مطلوب مع والدہ) فِی الْمُحَبَّتِ وَالْمَوَدَّۃِ اِلٰی (نام طالب مع والدہ) بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ وَاِلاَّ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانْ، اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلسَّاعَتَہ اَلْیَوْمَ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ عَلَیْکُمُ الَّتِیْ ھِیَ مَکْتُوْبَۃٌ عَلٰی فَصِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ وَبِحَقِّ اَھْیَا اِشْرَاھِیَا اَذُوْنِیْ اَصْبَاوُثِ اَلْ شُدَّایْ وَصَرَعْتُ وَسَقَمْتُ (نام مطلوب مع والدہ) بِقَسَمٍ لَا شِفَآءَ لَہٗ وَلَا دَوَآءَ لَہٗ اِلاَّ الْمَوْتُ، اَلْ جِیَارُ اَرِنِیْ عَمٌّ شَکٌّ فِیْ شُجَاعِ الْھَیْکَلِ وَ کُنْتُ مُسَلِّطْنَا عَلٰی مَنْ تُرِیْدُ سَقَمٌ (نام مطلوب مع والدہ) وَتَشْتَکِیْ فِی النَّفْسِ وَالْمَالِ طُرَّ الْھَوَا فِیْ حُبِّ (نام طالب مع والدہ) فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَاسْجُدْ لِاٰدَمَ اَبُو الْبَشَّرِ بِحَقِّ الدَّیْلَانِ وَالدَّوَانَاتِ وَالْحَمَا وَالتَّکْسِیْرِ وَاَنْزِلْ بِقُوَّۃِ بَطْشِکَ. آمین آمین آمین۔

طلسم

یاہمزاد قارون نمرود شداد دقیانوس ہامان فرعون ابلیس علیھم اللعنۃ الحب (نام مطلوب مع والدہ) کا دل (طالب مع والدہ) کی محبت میں غرق ہوکر ایک لمحہ بھی قرار وسکون نہ پائے

نوٹ

یہ عمل ایک راز تھا جو کہ طشت از بام کردیا گیا ہے اس عمل کی قدر وقیمت وہی جان سکتا ہے جو یہ عمل خود کرلے صرف ان اوراق کو پڑھنے والا اس عمل کی قدر کیا جانے یہ قارون کا ایک پوشیدہ خزانہ ہے جو مفت آپ کو مل گیا ہے اگر اس عمل میں آپ کو کوئی شک ہو تو عمل کرکے دیکھ لیں اور ہمیں اپنے تجربات سے ضرور آگاہ فرمائیں۔

جیسی کرنی ویسی بھرنی نہیں یقین تو کر کے دیکھ

جنت بھی ہے دوزخ بھی ہے نہیں یقین تو مر کے دیکھ

بندش کیسے لگتی ہے؟

از تحقیق:
پیر ملازم حسین (اسلام آباد)
از ترتیب:
پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

یہ تو ایک عام سی بات ہے کہ مخالف اور حاسد قسم کے لوگ سفلی علوم کے ذریعے بندش کرا دیتے ہیں۔ لیکن اس کے علاوہ بھی بندش لگنے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ جو کہ عام لوگوں کو معلوم نہیں ہیں۔ لہٰذا میں وہ دوسری وجوہات تفصیل سے بیان کر رہا ہوں جن کی بندش خود بخود ہی لگ جاتی ہے۔

نمبر 1: ایسے لوگ جو کہ آسیبی مریض ہوتے ہیں یا جن کے گھر آسیبی ہوتے ہیں وہاں پر بندش خود بخود ہی لگ جاتی ہے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہر کام میں رکاوٹیں اور مشکلات پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہیں گھر کا سکون ختم ہو جاتا ہے خاندان کے خاندان تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔ باہمی تعلقات نفرت اور عداوت میں بدل جاتا ہیں چلتے کاروبار بند ہو جاتے ہیں رشتے نہیں آتے بلکہ پہلے سے طے شدہ رشتے بھی ٹوٹ جاتے ہیں۔ میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو جاتی ہے اور طلاقیں ہو جاتی ہیں۔ مرد/عورت بستہ ہو جاتے ہیں۔ اولاد آوارہ نافرمان ہو جاتی ہے۔ زندگیاں ناسور بن جاتی ہیں۔ ہر وقت طناطنی اور کشاکشی کا ماحول بنا رہتا ہے۔

نمبر 2: کچھ لوگوں کے گھر ایسی جگہ پر بنے ہوتے ہیں۔ جہاں پر نیچے قدیمی قبرستان یا کسی بزرگ کی قبر یا مزار ہوتا ہے۔ تو ایسی صورت میں بھی گھر پر ہر طرح سے بندش لگ جاتی ہے لوگوں کی زندگیاں عذاب بن کر رہ جاتی ہیں اور آئے دن یہ لوگ کسی نہ کسی مصیبت کا شکار رہتے ہیں ناگہانی اموات، حادثات، مال مویشی کا نقصان اور دیگر طرح طرح کے نقصانات ہوتے رہتے ہیں۔

نمبر 3: ایسے گھر جن میں کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہو یعنی کسی نے خودکشی کی ہو یا قتل ہوا ہو یا بعض اوقات عورتیں اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے لئے ناجائز بچے دفن کر دیتی ہیں ایسے گھروں میں بھی بندش لگ جاتی ہیں اور گھر والوں کو اک پل کے لئے بھی سکون نہیں ملتا یہ لوگ سکون کے لئے ترستے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس زندگی سے موت بہتر ہے۔

نمبر 4: کچھ لوگوں کو ہمزاد، موکلات اور جنات کی تسخیر کا بڑا شوق ہوتا ہے اور وہ کتابوں سے پڑھ کر عمل شروع کر دیتے ہیں۔ مناسب رہنمائی نہ ہونے اور بے احتیاطیوں کے سبب یہ لوگ رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے پورے گھر پر بندش لگ جاتی ہے اس طرح یہ لوگ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لے ڈوبتے ہیں۔

نمبر 5. کچھ لوگ عام دم درود کرتے ہیں جبکہ بذات خود بخود وہ عملیات کے اصول و قواعد سے قطعی ناواقف ہوتے ہیں ایسے لوگوں کے ہاں جب آسیبی مریض آتے ہیں تو جونہی وہ ایسے لوگوں پر دم وغیرہ کرتے ہیں یا ان کا علاج شروع کرتے ہیں خود پکڑے جاتے ہیں اور مریض کے اوپر جو چیزیں مسلط ہوتی ہیں ان کے اثرات ان پر پڑ جاتے ہیں اور پھر بندش لگ جاتی ہے اس طرح سینکڑوں لوگ آج تک میرے پاس آ چکے ہیں جنہوں نے صرف آسیبی مریضوں پر دم وغیرہ کیا اور خود بخود آسیبی مریض بن گئے اور پھر ہر طرح کی بندش کا شکار ہو گئے۔

نمبر 6: کسی مرنے والوں کے گھر جب عورتیں افسوس کے لیے جاتی ہیں تو وہاں پر اکثر ایسی عورتیں ہوتی ہیں جو آسیبی مریض ہوتی ہیں بعض عورتوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ ایسی جگہوں پر اپنے چھوٹے بچوں کو بھی ساتھ لے جاتی ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ عورتیں اور بچے آسیبی امراض اور اثرات کی لپیٹ میں آ جاتے ہیں اور پھر ہر طرح کی بندش لگ جاتی ہے۔

نمبر 7: بعض گھروں میں ایسے پرانے درخت دیکھے گئے ہیں جن پر جنات کا بسیرا ہوتا ہے ایسے درختوں کو جب لوگ کاٹتے ہیں تو ان پر اثرات پڑ جاتے ہیں اور پھر تمام اہل خانہ پر بندش لگ جاتی ہے۔

غلط فہمیاں

غلط فہمی نمبر 1: درج بالا بندش لگنے کی جتنی بھی وجوہات لکھی گئی ہیں بعض لوگ ان پر قطعی یقین نہیں کرتے ان کا یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ کام ضرور ہمارے کسی دشمن نے کیا ہے اس طرح وہ غلط فہمی کا شکار ہو کر خواہ مخواہ دوسرے لوگوں پر شک کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جاتے ہیں اور یوں خاندان کے خاندان تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔

غلط فہمی نمبر 2: ایک لڑکی بالکل ٹھیک ہوتی ہے شادی ہونے کے بعد جب وہ سسرال جاتی ہے تو وہاں پر کسی مرد/عورت پر آسیبی اثرات ہوتے ہیں یا وہ گھر آسیبی ہوتا ہے چنانچہ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ یہ اثرات لڑکی پر بھی پڑ جاتے ہیں اور اس پر بندش لگ جاتی ہے اس بندش کی وجہ سے اس کی اولاد بھی نہیں ہوتی یا حمل ضائع ہو جاتا ہے بعض عورتوں کو خون حیض جاری ہو جاتا ہے بعض بستہ ہو جاتی ہیں ان کو شوہر سے نفرت ہو جاتی ہے۔

اس طرح لڑکی کے گھر والے کسی غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کی سسرال والوں نے سحر و جادو کر دیا ہے انہیں شک نہیں بلکہ پکا یقین ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑکی والوں کے گھر میں بالکل ٹھیک ہوتی ہے سسرال جا کر جب یہ صورت حال پیدا ہوتی ہے تو پھر ان کا شک یقین میں بندل جاتا ہے۔

غلط فہمی نمبر 3: آج کل کے نام نہاد عاملین اور جعلی پیر عوام الناس کی مندرجہ بالا کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے وہم ڈال دیتے ہیں اور خوامخواہ ان ہی کے خاندان میں سے کسی مرد یا عورت کا نام بتا دیتے ہیں جو کہ وہ پہلے سے ہی جانتے ہیں کی آپ پر سحر و جادو انہوں نے کروایا ہے حالانکہ ان کے پاس ایسا کوئی علم سرے سے ہوتا ہی نہیں بس تیر تکوں سے کام لے کر لوگوں کو بے وقوف بناتے ہیں اور ان سے منہ مانگے پیسے بٹوا لیتے ہیں۔

...آپ کے مسائل کا روحانی حل...

بندش ایک ایسا لاعلاج اور خطرناک مرض ہے کہ جس شخص پر لگ جائے وہ تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ کاروبار بند ہو جاتا ہے۔ حصول رزق کے تمام راستے بند ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ کوئی شخص بھیک دینے کے لیے بھی تیار نہیں ہوتا۔ اس کے اپنے بیگانے بن جاتے ہیں۔ شناسا اجنبی بن جاتے ہیں۔ دوست و مددگار دشمن بن جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کی کوئی اچھی کہی ہوئی بات بھی دوسروں کو بُری لگتی ہے۔ مالی و معاشی طور پر تباہ حال شخص دوسروں کی نظر میں ذلیل و تماشہ بن کر رہ جاتا ہے۔

اگر خدانخواستہ آپ میں سے کوئی خواتین و حضرات بندش کا شکار ہوں خواہ جادو سحر و آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش لگی ہو یا کسی نے سفلی علم کے ذریعے لگائی ہو تو ہم سے رابطہ کریں۔ انشاءاللہ اکیس روز کے اندر اندر آپ کو ہر طرح کی بندش سے شرطیہ نجات دلائی جائے گی۔

ادارہ مقیاس الروحانیات

مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

مجھے سحر و جادو، آسیبی اثرات اور بندشوں کو علاج کرتے ہوئے دس سال ہو گئے ہیں اس دوران میرے پاس ہزاروں مریض آئے ہیں جب لوگوں کو بتایا گیا کہ آسیبی اثرات یا آسیبی گھر کی وجہ سے آپ کے اوپر بندش لگی ہوئی ہے تو کسی سائل/ سائلہ نے میری کسی بات کا یقین نہیں کیا۔

عجیب جادو شکن نقش

درج ذیل مسائل میں یہ نقش گولی کی طرح کام کرے گا۔

- سحر و جادو اور آسیبی اثرات
- رشتوں کی بندش
- مرد/عورت بستہ
- کاروباری بندش
- اولاد کی بندش
- سفر کی بندش
- تعلیم کی بندش
- صحت کی بندش
- گاہک کی بندش

نقش مکرم یہ ہے!

ل	ش	ک	ر	ف	ر	ع	و
ش	ک	ر	ف	ر	ع	و	ن
ک	ر	ف	ر	ع	و	ن	غ
ر	ف	ر	ع	و	ن	غ	ر
ف	ر	ع	و	ن	غ	ر	ق
ر	ع	و	ن	غ	ر	ق	ش
ع	و	ن	غ	ر	ق	ش	و
و	ن	غ	ر	ق	ش	و	د

نقش کی دریافت اور تجربات

یہ عجیب و غریب نقش میں نے 1998ء میں دریافت کیا تھا سب سے پہلے اس نقش کا تجربہ ایک خاتون پر کیا گیا جو کہ آسیبی مریضہ تھی اُس کا خون حیض بھی جاری تھا اور لیکوریا بھی بہہ رہا تھا ایک عرصہ سے شادی کے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی نمدش کی وجہ سے اس کے رشتے نہیں آتے تھے میں نے یہی نقش اُس کو دیا اور تاکید کی کہ روزانہ اس سے غسل کرے یہی نقش پینا بھی ہے اور مجھے ایک ہفتے بعد بتانا ہے ایک ہفتے بعد وہ آئی اُس نے بتایا کہ میری ایک جگہ پر رشتہ کی بات طے ہو گئی ہے اور خون حیض اور لیکوریا بھی رُک گیا ہے میں بہت خوش ہوا کہ ایک ہی نقش سے سارے مسائل حل ہو گئے ہیں اس کے بعد میں نے اس نقش کا تجربہ اُن خواتین پر کیا جو کہ آسیبی مریضہ تھیں اور جنات اُن کے ساتھ سیکس کرتے تھے اور وہ بستہ تھیں اور خاوند کے پاس جا کر اُن کو ہمبستری سے نفرت ہو جاتی تھی یہ تجربات بھی دو سو فیصد کامیاب ہوئے۔

اظہار تشکر

اس نقش کو دریافت کرنے میں جن جنات نے میرے ساتھ تعاون کیا اور بھرپور طریقے سے میری رہنمائی کی میں اُن سب کا انتہائی شکر گزار اور ممنون ہوں۔

آج کے اس دور میں ہر شخص کی خواہش ہے کہ وہ دولت مند ہو کر پر آسائش زندگی گزارے اکثر لوگ پرائز بانڈ خریدتے ہیں۔ گیس پیپروں اور جعلی عاملوں پر لاکھوں روپے لٹا دیتے ہیں مگر پھر انعام نہیں لگتا۔ اس سلسلے میں کئی ماہر علم الاعداد بھی عوام کی رہنمائی کر رہے ہیں مگر پھر بھی لوگ مکمل طور پر مطمئن نہیں ہو پارہے تو ایسے حالات میں ضرورت محسوس ہوئی کہ کوئی ایسا زبردست عمل قارئین کی نظر کیا جا رہا ہے۔ اس عمل سے سو فیصد اٹل نمبر معلوم ہو سکتا ہے میرا آزمودہ عمل ہے۔ اُمید ہے قارئین اس عمل سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے اور میرے حق میں دعائے خیر فرمائیں گے۔

طریقہ عمل: کسی سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل حاضراتی نقشہ بنائیں اور سیاہ دائرہ میں عطر اور شراب بائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے لگائیں۔ حاضرات کو دن کے بارہ اور ایک کے درمیان کریں اور بخور لوبان اور گوگل کا جلائیں۔ کسی طفل کو نقش کے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور درج ذیل عبارت کو 108 مرتبہ پڑھ کر نقش اور بچے پر دم کر دیں۔ یکدم حاضرات کا نزول ہوگا آپ بچے کی وساطت سے اٹل نمبر پوچھ سکتے ہیں بعدہ حاضرات کو کچھ صدقہ و خیرات کر دیں۔

كُلُّهُمْ شَيْطَانِ الرَّجِيْم

عمل

عزازیل شیطان یاسدھو یابدھو یا کالے دیو
جیون تیرے بچے اکبر کا نمبر لا کر دیو

اہل فلسفہ بادشاہانِ وقت اور عوام کے لئے لفظ طلسم ہمیشہ سے باعث حیرت رہا ہے۔ طلسم عربی لفظ ہے جس کے معنی راز یا حیرت انگیز ہیں۔ روح کو اکب اسرارِ اعداد اور اوضاع فلکیہ کے اثرات کو مادی جسم سے تعلق پیدا کرنے کو طلسمات کہتے ہیں۔ سحر و جادو شعبدہ بازی کے فن کو ہرگز علم طلسمات نہیں کہا جا سکتا۔ ارسطوبلنیاس قدیم حکماء نے علم طلسمات کو علوم مخفی میں شمار کیا ہے۔

ترکیب عمل کے مطابق عامل مریض کو سامنے بٹھا کر مندرجہ ذیل کلمات کو ایک سو دس مرتبہ پڑھ کر مریض کے سینے پر دم کرتا ہے اور ساتھ ہی مریض کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کو پکڑ کر سادہ سفید کاغذ پر رکھ کر زور سے دباتا ہے۔ مریض پر سحری اثرات ہونے کی وجہ سے کاغذ پر جہاں انگوٹھا رکھا تھا وہاں خون کا سرخ اور تازہ دھبہ نمودار ہو جاتا ہے عامل جتنی بار اس عمل کو بجا لائے گا ہر بار دھبہ واضح ہوتا جائے گا۔ واضح رہے بطور تماشہ عمل کرنے کی ممانعت ہے کلمات طلسمات یہ ہیں۔

وَنَادُوْ يَا اَيُّهَا السِّرُّ وَالسَّاحِرَةُ مِنَ الدَّعْوَاتِ وَالنَّشْرَاتِ
مَا كِثُوْنَ اِمْكَثَا يَا فَرْخَسَ وَيَاشِيْفَ هَلْفَتُ حَامِلُ هَذَا
الْكِتَابِ مِنْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالَ وَالْعَقُوْبَاتِ مَا تَرٰى لِهَيْبَةِ
الْبَلَآءِ وَالْوَابَآءِ عَلَى الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ مَلْعُوْنًا مَذْحُوْرًا يَا
كَفْيَائِيْلُ طَاهِرُ وَيَا طَيَائِيْلُ تَفُوْشًا مَا اسْتَطَاعُوْ اللّٰهُ اِفْسِ
اِفْسًا نَفْسًا نَافِسًا وَمَا هِيَا نَفُوْثًا جَمِيْعَ الْاَرْوَاحُ الْمُوذِيَتُ
وَالْقُرْآنِ السُّوْءِ وَجُنُوْدِ اِبْلِيْسِ كُلُّهُمْ فِى النَّارِ اَبَدًا

شمس تمام سیاروں میں شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے زمین کے قریب ترین ہونے کی وجہ سے زیادہ طاقت اور اثرات نورانی ڈالنے والا سیارہ ہے زندگی اور روح کی توانائی اسی سے قوت پاتی ہے اسی لیے اس کا شرف عاملین اور کاملین کے نزدیک توجہ کے قابل رہا ہے اس وقت جو مخفی قوتیں زمین پر اثرانداز ہوتی ہیں اگر اُن کو ضبط میں لایا جائے تو اپنی طاقت سے حامل کے لیے عظیم ہیبت، رعب اور قوت پیدا کردے گا شمس آتشی خاصیت کا سعد اکبر ہے۔ دن اتوار اور رنگ زرد نارنجی ہے۔ موافق برج اسد حمل اور قوس ہیں جب شمس برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اُسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے ایسے اوقات میں عاملین اور جفار ایسے اعمال تیار کرتے ہیں جو تسخیر خلائق، جاہ ومرتبہ اور الیکشن میں کامیابی کے لیے ہوتے ہیں اس سال یہ سعد وقت 7 اپریل بروز منگل دوپہر 1 بج کر 49 منٹ سے لے کر 8 اپریل بروز بدھ دوپہر 2 بج کر 14 منٹ تک نصیب آوری کے حاصل ہو رہا ہے۔ ان کو کھونا عاملین کفران نعمت ہے۔ آج کی اس ترقی یافتہ دور میں ہر شخص معاشی عدم تحفظ کا شکار ہیں دن رات کی تگ ودو سے بمشکل اس مہنگائی اور معاشی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ ہر طرف مرجھائے ہوئے چہرے نظر آتے ہیں حتیٰ کے جن کے پاس تمام ذرائع اور وسائل بھی موجود ہیں وہ بھی کسی نہ کسی مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں کسی کے پاس سوچنے کا وقت نہیں کہ یہ تمام رکاوٹیں اور مشکلات کی کیا وجہ ہے۔ کاروبار کے لیے 20،20 گھنٹے ہوتے ہیں اُس ذات کے لیے جس نے اتنا کچھ دیا ہے اُس کے لیے 15 منٹ نہیں نکلتے۔ میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ جب کسی کو منصب یا دولت دے کر لے لیتا ہے تب اس کی قدر ومنزلت کا احساس ہوتا ہے۔ جب پہلی مرتبہ عطائے ربی ہوتی ہے تو اُس وقت اپنی عقل وفراست کے گن گاتا ہے جب یہ چھن جاتی ہے تو دوسروں کو برا بھلا کہتا ہے یعنی جب نعمتیں حاصل تھیں خدا کا شکر ادا نہ کیا اور جب پریشانی آگئی تو اپنی غلطیوں پر نظر نہ ڈالی۔ اس سعد موقع پر ایک ایسا نادر، عجیب النفع اور سریع التاثیر عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ نہ صرف حصول عزت وشہرت، ادائیگی قرض، الیکشن میں کامیابی، تسخیر محبت، حصول ملازمت، ترقی رزق، تسخیر خلق، انعامی سکیموں میں کامیابی کے لیے تمام پریشانیوں کے حل کے لیے دشمن پر غلباء پانے کے لیے اور ہر قسم کی حفاظت کے لیے فوری اثر ظاہر کرے گا بلکہ بادشاہ، امراء، وزراء، لیڈر، ڈاکٹر، تاجر، ملازمین اور اعلیٰ حکام عروج ترقی کے لیے اور اپنی ممتاز حیثیت قائم رکھنے کے لیے نہایت سریع التاثیر ہے۔

عمل خصوصی لوح شمس: یہ لوح تھوڑی مشکل تو ہے لیکن انتہائی سریع التاثیر ہے یہ لوح مسدس دوائر ہے جو کہ صرف اور صرف شرف شمس سے منسوب ہے۔ اس لوح کو تیار کرنے کے لیے ہم سورۃ آل عمران کی آیت کی روحانیت سے کام لیں گئیں جو کہ درج ذیل ہیں قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (آل عمران 26،27)

دوسری طرف شمس کے اسم اعظم کے توسل سے کام لیتے ہوئے یہ عمل تیار کریں گے تیسرا اس میں سورۃ الشمس کو بھی شامل کریں چوتھا اس میں مقصد کو بھی شامل کرنا ہوگا اس سے عمل انتہائی جاندار اور برق رفتار ہوگا کیونکہ یہ انتہائی قیمتی تحفہ ہے اس عمل کو ساعت شمس میں دوران شرف مکمل قواعد وضوابط سے مشک وزعفران سے زرد کاغذ پر اتاریں اور سیارہ کی مناسبت سے سرخ صندل یا عود کا بخور روشن کریں۔ یہ عمل پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) سے تیار کروائیں یا پھر مجھ سے تیار کروائیں۔ اجازت ضرور لیں۔

مثال: یہ نقش خاص الخاص شرف شمس سے منسوب ہے اس کو کسی ماہر عامل یا پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) سے تیار کروائیں اور پھر زندگی کا لطف اُٹھائیں یہ مسدس دوائر نقش 6x6 پر مشتمل ہے اس کے وسط میں شمس کے اسم اعظم یاحی یاقیوم کا نقش بادی چال سے پُر ہوگا بیرونی 36 خانوں میں نقش ہوگا اور اطراف میں طلسم شمس ہوگا اور پُشت پر سورۃ آل عمران کی آیات ہوں گی۔

سائل: طارق جاوید بن مقبول بیگم	584
اعداد سورۃ الشمس	19499
اعداد آیات سورۃ آل عمران	17604
اعداد مقصد ادائیگی قرض	1146
میزان	38833
طرح	105
باقی	38728
تقسیم 6	6454/4

اگر 1 بچے تو خانہ نمبر 31 میں 1 کا اضافہ کریں۔ اگر 2 بچے تو خانہ نمبر 25 میں 1 کا اضافہ کریں۔ اگر 3 بچے تو خانہ نمبر 19 میں 1 کا اضافہ کریں۔ اگر 4 بچے تو کانہ نمبر 7 میں 1 کا اضافہ کریں۔

لوح مسدس دوائر کے وسط میں یا حی یا قیوم نقش مثلث بادی چال سے لکھا جائے۔ اطراف میں طلسم شمس آئیں گے۔ اور پشت پر آیات سورۃ آل عمران لکھی جائیں گی۔

طریقہ استعمال: اس لوح کو ساعت شمس میں تیار کریں اگر ایک ساعت شمس میں کام مکمل نہ ہوسکے تو دوسری ساعت میں مکمل کریں اگلے دن علی الصبح ایسے مقام پر جائیں جہاں سے طلوع شمس کا نظارہ ہوسکے گا اور سورج کے نکلنے سے قبل نقش کو سامنے رکھ کر قرآن پاک سے سورۃ شمس پڑھنا شروع کریں جب سورج مکمل طلوع ہوجائے تو تلاوت ختم کرکے لوح پر دم کریں اور دعا کریں اے خداوند عالم! اس نیر اعظم کی طرح مجھے سربلند کر اور جس طرح یہ منبع فیض ونور ہے اسی طرح مجھے بنادے اور اسی طرح تمام خلقت میں مجھے سربلند کردے اور خلقت کو مطیع وفرمانبردار بنا (یا جو بھی آپ نے مقصد میں شامل کیا ہو) اس دعا کو پڑھ کر لوح کو اپنے پاس رکھ کر اور اسے زرد رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر بٹوے میں رکھ لیں یا گلے میں ڈال لیں اور روزانہ بعد نماز عشاء 174 مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھ کر لوح کو دم

کرتے رہیں۔ اتنی تاثیر شاید ہی کسی عمل میں ہو جتنی اس میں ہے۔ 41 یوم کے بعد پھر تماشہ قدرت دیکھیں کہ کس طرح خزانہ غیب سے عروج حاصل ہوگا۔ جوں جوں اسم اعظم پڑھ کر لوح کو دم کرتے رہیں گے اس لوح مبارک کے مؤکلات کام کرنے کیلئے بے چین ہونگے۔ 41 یوم کے بعد مؤکلات آپ کو خواب میں آنے والے دنوں کے بارے میں آگاہ کرتے رہیں گے۔ بشرطیکہ آپ اس کا ذکر کسی دوسرے سے نہیں کریں گے۔ اگر آپ نے اس بات کی پابندی کرلی تو انشاء اللہ ایک دفع زندگی کا مزہ آجائے گا۔ ہر کام خواہش کے مطابق ہوتا رہے گا۔

ایک عام آدمی کا ذکر اگر امراء کی محفل میں ہو تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اُس عام آدمی میں کوئی ایسا جوہر ضرور موجود ہے جو امراء اس کی طرف راغب ہوتے ہیں ۔اس طرح اگر اُس عام آدمی کا ذکر حکمرانوں اور شاہی محلوں میں ہو تو اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے ۔تعریف یا اہمیت جب کسی کو کسی سے کوئی فائدہ پہنچا ہو ایک عام آدمی کا ذکر امراء اور حکمرانوں میں ہونا اس بات کی طرف واضع دلیل بن جاتی ہے کہ اس عام سے آدمی میں کچھ تو ایسا ہے جس کی وجہ سے امراء سے لے کر حکمران تک مستفید ہوئے اور اس کی خوبیوں کے قائل ہوئے اگر کسی چیز کا ذکر نمایاں طور پر تحریر میں ملے تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ مصنف کے نزدیک اس چیز کی بہت اہمیت ہے اُس کی اہمیت اُس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب کتاب میں اُس چیز یا انسان کے نام سے الگ سے ایک باب مقرر کر دیا گیا ہو ۔قرآن کریم پورے کائنات کا علم اپنے اندر سموئے ہوئے ہے قرآن کریم رب العالمین کی تحریر ہے جس میں ایک ذرے سے لے کر کائنات کی وسعتوں پر بات کی گئی ہے قرآن کریم میں تیس سورۃ مبارکہ ہیں جن کے الگ الگ نام ہیں ۔ان ناموں کو ہم ادبی اصطلاح میں باب بھی کہہ سکتے ہیں ۔

قرآن کریم شاید وہ الہامی کتاب ہے جس میں ستاروں کا ذکر بہت زیادہ ملتا ہے یہ صرف سرسری ذکر نہیں بلکہ ستاروں کی چالوں سے متعلق آیات بھی قرآن کریم سے مل جاتی ہیں انسانی زندگی کے سب سے اہم دو سیارے ہیں ۔جن کو ہم شمس و قمر کہتے ہیں ۔دیگر ستاروں کو نجوم کہہ کر پکارتے ہیں اللہ تعالی نے قرآن کریم میں ان تینوں کی اہمیت کو بہت اجاگر کیا ہے اور اُن کے نام سے قرآن میں الگ سورت یا باب کو شامل کیا ہے ۔جیسے سورۃ والشمس، سورۃ والقمر اور سورۃ والنجم اُن کے ساتھ انسانی زندگی کے تعلق کو بھی آیات قرآنی میں بیان کیا گیا ہے ۔

انسانی زندگی کی بقاء اور نشوونما کا مرکز سیارہ شمس ہے ۔سیارہ شمس اپنی حرکت کا آغاز برج حمل سے کرتا ہے اور ہر برج میں تقریباً ایک ماہ کے قیام کے بعد اگلے برج میں داخل ہو جاتا ہے جب شمس برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اُسے مقام شرف حاصل ہوتا ہے ۔اب یہ وقت 7 اپریل دوپہر 1 بج کر 49 منٹ سے لے کر دوپہر 8 اپریل 2 بج کر 14 منٹ تک رہے گا ۔شرف کسی بھی سیارے کا وہ مقام ہے جہاں سے وہ اپنی تمام تر مثبت قوتوں کو زمین پر پھینکتا ہے روشنی کی یہ مثبت لہریں یا شعائیں اپنی اندر عظیم تاثیر رکھتی ہیں شرف کے اوقات میں جب کسی عدد یا حرف کو ایک مخصوص انداز میں تحریر کیا جاتا ہے وہ اپنے اندر ایک جادوئی اثر رکھتی ہے اور جس مقصد کے لیے یہ تحریر کی جاتی ہے وہ حاصل ہو جاتی ہے حکمران اور امراء اپنے اقتدار کو طول ،شان و شوکت ،رعب و دبدبہ اور دولت کے انبار لگانے کے لیے خود تو سیاروں کی قوت سے بھرپور فائدہ اُٹھاتے تھے لیکن عوام کو اُس سے محروم رکھتے تھے تاریخ میں ہمیں بہت سے ایسے واقعات ملتے ہیں کہ جہاں حکمرانوں نے اپنے ساتھ علم النجوم و رمل کے ماہرین رکھے ہوئے تھے جو اُنکے لیے اُنکے مقاصد کے حصول کے لیے مخصوص اوقات میں الواح یا طلسم تیار کرتے تھے شرف شمس کے اس سعد اور مبارک وقت سے ہر کوئی فیض یاب ہو سکتا ہے اس میں عوام سے لے کر حکمران تک زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے شامل ہیں ۔اگر کسی کی ترقی رکی ہوئی ہے اور لاکھ کوشش کے باوجود اُس کی ترقی نہیں ہو رہی ،اگر کوئی بے روز ہے یا اپنی قابلیت کے مطابق ملازمت نہین مل رہی ،اگر کسی انسان کو اُس کے حق سے محروم کر دیا گیا ہے اور اپنا حق چاہتا ہے معاشرہ میں عزت و مقام کے لیے ،اقتدار کی طوالت کے لیے یا اگر آپ کوئی خاص حکومتی عہدہ یا وزارت چاہتے ہیں عوام و خواص میں شہرت اور عزت کے خواہشمند ہیں تو شرف شمس میں تیار کی گئی لوح ان مقاصد کے حصول کے لیے ،بہت مددگار ہیں ۔

شمس کی حیثیت ایک بادشاہ کی سی ہے جس بھی انسان کے پاس شرف شمس میں تیار کردہ لوح ہو گی اُس کی ایسی عزت و منزلت ہو گی جیسی کسی حکمران یا عظیم انسان کی ہوتی ہے اوپر بیان کیے گئے مقاصد کے ساتھ یہ لوح ہر طرح کے جادو و بندش سے مکمل تحفظ بھی عطا کرتی ہے اور ہر قسم کی آفات اور پریشانیوں میں حفاظت کرتی ہے اس لوح کو سونے پر یا تانبے کی تختی پر تیار کریں یا پھر سنہری کاغذ پر زعفران سے تحریر کریں دوران عمل زعفران ،صندل سرخ اور عود کا بخور جلائیں جب لوح تیار ہو جائے تو اُس کو کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں اور آنے والے اتوار کو صبح ایسی جگہ چلے جائیں جہاں سے طلوع شمس کا نظارہ ہو سکے سورۃ شمس لاتعداد پڑھتے رہیں جب سورج مکمل نکل آئے تو تلاوت بند کر کے یہ دعا کریں:

یا اللہ اس سورج کی طرح مجھے بھی بلندی عظمت اور شہرت دے اور اس اسم اعظم کی بدولت جس کی لوح میرے پاس ہے خلقت میں عزت و توقیر دے دولت و حشمت دے ۔

اور پھر اس لوح کو سرخ ریشمی کپڑے میں بند کر کے اپنے پاس محفوظ رکھیں اور روزانہ یا حی یا قیوم کا کھلا ورد کرتے رہیں ۔

شمکائیل — ۷۸۶ جبرائیل — شقیائیل

قول — ہ

یا الہ	الالۃ	الرفیع	جلاله
طالب نصیر	حکم	ماجد	شاہد قیوم
محیط	نادر صمد	رحیم مانع	واحد حیی
قدیر قدیم	اول احد	اللہ	دفیق

حمعسق — اسرافیل — کہیعص — عزرائیل

میکائیل

وکفٰی باللہ شہید محمد رسول اللہ ﷺ

اللھم سخرلی جمیع خلقک کما سخرت لسلیمان بن داؤد علیہما السلام

فقطشائیل — لوبیائیل

پیارے دوستو! اسلام علیکم! ماہنامہ وجدان کی بزم میں آج آپ کے لیے ایک ایسا خاص الخاص عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ میرا بارہا کا مجرب المجرب ہے۔اس عمل سے آپ جادو ٹونہ ،بیماری، کاروباری بندش، نکاح کی بندش اور ہر قسم کے اثرات کی از خود کاٹ کر سکتے ہیں کیونکہ آج کل گھر گھر جگہ جگہ لوگ ایک دوسرے سے جلتے ہیں اور دوسروں کی خوشیاں برداشت نہیں کر پاتے بلکہ مفت کی دشمنی پال لیتے ہیں اور دوسروں پر جادو سفلی عمل کے ذریعے کینسر ،شوگر، دل کے امراض، کالا یرقان اور گردوں کو فیل کر دینے جیسی موزی بیماریاں مثلت کروادیتے ہیں یا کاروبار و نکاح کی بندش لگوادیتے ہیں جس کی خلاصی کے لیے لوگ در در کی ٹھوکریں کھاتے ہیں اور لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں نتیجہ صفر نکلتا ہے یہ سب کچھ ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہر قسم کے سخت جادو اور بندش کی کاٹ کے لیے بکرے کی سری کا خاص الخاص عمل پیش کر رہا ہوں جس کے کرنے سے ہر قسم کے جادو ٹونہ، جنات، نظر بد، حسد، بیماری، بندش اور ہر قسم کے اثرات فوراً ختم ہو جاتے ہیں دوبارہ کوئی بھی عامل عمل نہیں کر سکتا بلکہ عمل کرنے اور کروانے والے پر واپس لوٹ جاتا ہے۔بعض اوقات عامل کا عمل بھی سلب ہو جاتا ہے بکرے کی سری کا یہ عمل کچھ عامل حضرات کثیر رقم لے کر کرتے ہیں ہم اپنے قارئین کو یہ عمل فی سبیل اللہ ہدیہ کر رہے ہیں۔

طریقہ عمل ولوازمات

سب سے پہلے ایک عدد بکرے کی سری لیں اُس پر سورۃ یسین 4 مرتبہ، سورۃ مزمل 11 مرتبہ، سورۃ فاتحہ 11 مرتبہ، سورۃ فلق 11 مرتبہ، سورۃ الناس 11 مرتبہ اور آیت الکرسی 11 مرتبہ پڑھیں اوّل وآخر درود ابراہیمی 11-11 مرتبہ پڑھیں اور سری مریض کے سر پر سات مرتبہ وار کر سیاہ یا سفید کپڑے میں بند کر کے قبرستان میں دفن کر دیں۔ اس کے بعد مریض کو اپنے سامنے بٹھا لیں اور انگیٹھی میں کوئلے جلائیں اور مریض کے سر کا ایک بال پکڑ کر 3 مرتبہ تعوذ ،3 مرتبہ آیت الکرسی ،11 مرتبہ سورۃ الفلق ،11 مرتبہ سورۃ الناس اور 221 مرتبہ یا قھار پڑھیں اور یکدم بال کھینچ کر توڑ لیں اور انگیٹھی میں ڈال دیں۔ بال والا عمل مسلسل 3 یوم تکرار کریں مسلسل 3 یوم تکرار سے ہر قسم کے جادو، جنات، بندش اور موذی امراض سب ختم ہو جائیں گے۔اور مریض پر دوا اثر کرنے لگے گی اللہ کے حکم سے مریض تندرست ہو جائے گا اور زندگی میں بہار آ جائے گی۔

نوٹ

1. اس عمل کو عصر اور مغرب کے درمیان کریں۔
2. اگر عورت کے بالوں کو چٹیا بنی ہو تو بالوں کو کھول لیں۔
3. اگر متاثرہ شخص کے پاس کوئی تعویز ہوں تو قبل از عمل اتار لیں۔
4. عمل مکمل کرنے کے بعد عامل اور معمول دونوں غسل کریں اور نئے کپڑے پہن لیں اور پرانے اتار کر فوراً دھو دیں۔
5. بعد از عمل آیت الکرسی اور چاروں قُل شریف ڈوری پر دم کر کے گلے میں ڈال لیں اور آیت الکرسی اور چہار قُل شریف کا نقش گلے میں ڈال لیں۔
6. عمل کے بعد بچوں میں کوئی میٹھی چیز تقسیم کر دیں انشاء اللہ فوراً رزلٹ ملے گا۔

انتباہ

سحر و آسیب سے متاثرہ خواتین و حضرات اس عمل کو خود نہ کریں بلکہ کسی سے کروالیں اگر خود کریں گے تو تکلیف بڑھ جائے گی۔

معجزاتی شفاء

ازتحریر:- پیر محمد سرور نوشاہی

سرسوں کا عمدہ قسم کا خالص تیل لے کرتانبے کے قلعی شدہ برتن میں ڈال کرگرم کرنا شروع کریں اور خود حسب ذیل آیت کو 101 مرتبہ پڑھ کر تیل پر پھونکیں جب معلوم ہوجائے کہ تیل خوب گرم ہوگیا ہے تو خدا کا نام لے کر بلاخوف وخطرا پنے دائیں پاؤں کی ایڑی تیل میں ڈال دیں ۔عامل کو کسی بھی قسم کی کوئی تکلیف نہ پہنچے گی اس کے بعد فوراً ہی پاؤں کی ایڑی نکال کر مریض کے جس بھی حصے میں درد ہو وہاں مقام درد پر لگا دے جوں ہی عامل ایسا کرے گا مریض شدت درد سے بلبلا اُٹھے گا اسے ایسا محسوس ہوگا کہ اس کے جسم پر آگ کا انگارہ رکھ دیا گیا ہے جس سے اس کا جسم جل گیا ہے لیکن یہ تکلیف عارضی طور پر ہوگی کیونکہ دوسرے ہی لمحہ مریض ہر قسم کی درد اور تکلیف سے آفاقہ معلوم کرنے لگتا ہے اور مرض دور ہو کر مریض کو ہر قسم کے موذی امراض اور ہر قسم کے جسمانی دردوں سے ہمیشہ کے لیے معجزاتی طور پر نجات مل جائے گی آزمودہ ہے۔

عمل یہ ہے: یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ۝

عمل میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ اس طریق پر ادا کریں کہ عروج ماہ میں کسی سعد ساعت سے اس عمل کا وظیفہ کرنا شروع کرو اور ایک چلے کے اندر سوا لاکھ تعداد پوری کرو۔زکوۃ ادا ہوجائے گی پھر متذکرہ بالا طریقہ کے مطابق جب کوئی مریض آئے اس کا علاج کروشرطیہ طور پر مریض شفاء یاب ہوا کریں گے۔

اجازت عام ہے جو شخص چاہے فیض یاب ہو کر خلق اللہ کو فیض یاب کرسکتا ہے۔

حاضرات بزرگ

ازتحریر:- غلام قادر بلوچ (کراچی)

اللہ میرا بادشاہ ، محمد میرا وزیر
خواجہ خضر زندہ پیر، بارہ امام
جملہ پیر ، پیرانِ پیر دستگیر
پہلے میرا کام کیجیو، بعد میں
پاؤں رکاب میں رکھیو۔

تعداد 121 مرتبہ **یوم** 21 دن **مداومت** 21 بار روزانہ

عمل ہذا سید ظفر حسین بخاری کا عطیہ ہے بیسوں دوستوں کا تجربہ شدہ ہے طریقہ حاضرات یہ ہے کہ 5 لونگ لے کر ہر لونگ پر 7-7-7 بار عمل پڑھیں پھر معمول کے ہاتھ میں لونگ پکڑا کر آنکھیں بند کروالیں اور اب 21-21-21 بار پڑھ کر معمول پر دم کریں حاضرات کھل جائے گی جس سے درست معلومات کے علاوہ جائز کام بھی لے سکتے ہیں۔مجرب ہے۔

عمل عجیب پریاں

یَا اِبْرٰھِیْمُ یَا مُسْتَقِیْمُ

تعداد 11 ہزار مرتبہ روزانہ **یوم** 40 دن

خلوت میں ترک حیوانات کے ساتھ پڑھیں دو پریاں حاضر ہوں گی اُن سے معاہدہ کرلیں خبر بھی دیں گی اور کام بھی کریں گی

خوبصورتی حاصل کرنے کا نایاب عمل

ازتحریر:- فضہ رُباب جعفری (لاہور)

خواتین کے مسائل میں سے ایک بڑا مسئلہ یہ بھی ہے کہ اُن کا چہرہ خوبصورت نہیں ہوتا جس کی وجہ سے لوگ اُنہیں پسند نہیں کرتے اور اُن کی شادیاں نہیں ہوتی۔

اگر آپ کا چہرہ بدنما ہے۔ داغ دھبے، کیل، چھائیاں یا کسی زخم کے جلنے کے نشان ہیں تو اس آیت مبارکہ کو 21 مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح شام چہرے پر ملیں یا وہ کریم جو آپ چہرے پر لگاتی ہیں اُس پر اس آیت کو دم کریں اور صبح شام یہ کریم چہرے پر لگائیں۔

اور یہی آیت 21 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح شام یہ پانی پیئں اس عمل کو لگاتار 21 یوم تک کریں انشاءاللہ چہرہ خوبصورت اور پُرکشش ہو جائے گا۔

آیت شریف یہ ہے:

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ

نوٹ

اگر جادو سحر و آسیبی اثرات کی وجہ سے چہرہ بگڑ گیا ہو یا نسوانی حسن کی کمی ہو تو اُس کے لیے بھی یہ عمل نہایت مجرب المجرب ہے اور ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے

برائے اولاد

ازتحریر:- ندا قادری (فیصل آباد)

(اولاد سے محروم خواتین کے لیے ایک خاص تحفہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا الٰہی بحرمت رحمت العالمین و بحق امیر المومنین ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ و بحق امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ و بحق امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ و بحق امیر المومنین شاہ مردان علی رضی اللہ عنہ ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ (فلاں بنت فلاں) را فرزند نرین زودی گردان یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح صاحب اولاد گردو برحمتک یا ارحم الرحمین

جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو تو اُس کے لیے یہ نقش نہایت ہی مجرب المجرب ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ 7 عدد نقش زعفران سے لکھیں اور روزانہ ایک نقش سات روز تک پینا ہے یہ نقش اُس وقت استعمال کریں جب عورت ایام سے سر پاک کر لے۔ نقش کے اندر جس جگہ فلاں بنت فلاں لکھا ہوا ہے اس جگہ پر عورت اور اُس کی ماں کا نام لکھیں جو خواتین اولاد جیسی نعمت سے محرام ہیں وہ اپنا مقدر آزما سکتی ہیں

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد

ادارہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد علوم مخفیات و روحانیات کی تحقیقات و تعلیمات ہے تاکہ ہمارے اسلاف کا یہ مقدس ورثہ ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔ تاریخ طلسمات سے پتہ چلتا ہے کہ ان علوم روحانیہ کے زوال و انحطاط کا بنیادی سبب اس فن کے وہ نام نہاد عامل حضرات ہیں جو مجربات آزمائی میں صحیح و غلط کے درمیان تمیز کرنے سے عاجز تھے اور سی چیز نے عوام کو ان علوم کی صداقت سے بدظن کر دیا۔ فن کی تکمیل میں جہاں ناتجربہ کاری سدراہ ثابت ہوئی وہاں یہ امر سب سے زیادہ تکلیف دہ ہے کہ اس کے اشاعتی ذرائع بہت محدود ہیں اور جو موجود ہیں وہ بالغ نظر اور ہنرشناس اہل فن کی عدم توجہ، بخل و حسد، تنگدستی و امساک اور بے اتفاقی کا شکار ہیں۔ چناچہ ادارہ مقیاس الروحانیات علوم طلسمات و روحانیات کو متعارف کرانے، فن اور علمائے فن کی علمی و تجرباتی خدمات کر کے علوم روحانیہ کو مادی علوم کے مقابلہ میں لانے اور روحانیت کے بلند ترین مقام کو واضح کرنے، صدیوں سے پوشیدہ نادر و نایاب اور کامیاب و بے خطا مجربات کی تعلیمات و اشاعت کا آغاز کر رہا ہے۔ ادارہ مقیاس الروحانیات کی رکنیت کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جاچکا ہے۔ آپ بھی ادارہ کی رکنیت اختیار کر کے علوم مخفیات کی ترویج و ترقی کے لئے ہمارے ساتھ شامل ہو سکتے ہیں

شائقین حضرات کے لئے تجرباتی تربیت کا معقول انتظام ہے۔

اشاعت علم

ہم سب کا فرض ہے اس لیے معز ز قارئین سے گزارش ہے کہ آپ ہمارا ساتھ دیں اور ماہنامہ روحانی وجدان کو اپنے حلقہ احباب میں زیادہ سے زیادہ متعارف کروائیں اور خود بھی مستقل قاری بنیں اور دوسروں کو بھی ترغیب دیں آپ ہمیں اپنے دوست احباب کے نمبر Whats App کریں ہم نمونہ کے طور پر اُنہیں چند ماہ مفت رسالہ pdf فائل ارسال کریں گے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات 0333-2424103

متوجہ ہوں

اہل قلم ذوق و شوق خواتین و حضرات کے لیے ماہنامہ روحانی وجدان کے صفحات حاضر خدمت ہیں اگر آپ نے کوئی نقش، وظیفہ یا عمل آزمایا ہو اور اپنے نتیجہ و ثمرات میں صدفی صد بارآور ثابت ہوا ہو تو ماہنامہ روحانی وجدان کی وساطت سے اس فیض کو فیض عام کریں۔ جو کہ مخلوق خدا کی بھلائی کا سبب ہو اور آپ کے لیے صدقہ جاریہ۔

ہمیں لکھیں ہم اشاعت کریں گے

ذاتی مکان کے خواب دیکھنے والوں کے لیے ایک آزمودہ عمل

قارئین اگر آپ اس وقت اپنے ذاتی گھر میں رہ رہے ہیں تو دنیا کے خوش قسمت اور خوش نصیب لوگوں میں سے ایک ہیں مجھے خوشی ہے کہ یہ تحریر میں اپنے ذاتی گھر میں بیٹھ کر لکھ رہا ہوں اس سے قبل میں کرائے کے مکان میں رہتا تھا۔

ساری زندگی کرائے کے مکان میں رہ کر ذاتی مکان کے خواب دیکھنے والوں کے لیے اپنا ایک مجرب اور آزمودہ عمل تحریر کر رہا ہوں

عمل کی شروعات عروج ماہ نوچندی جمعرات سے کریں عمل کو بعد از نماز عشاء روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ پڑھیں دوران عمل مکان کے حصول کا تصور رکھیں جب تک آپ کو اپنا ذاتی گھر نہیں ملتا عمل جاری رکھیں انشاءاللہ آپ کو اپنے مقصد میں ضرور کامیابی ملے گی اور بہت جلد آپ اپنے ذاتی گھر چلے جائیں گے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَامَالِكَ الۡمُلۡكِ یَامَالِكَ الۡاَرۡضِ وَالسَّمَآءِ یَامَالِكَ الۡعَرۡشِ وَالۡفَرۡشِ یَامَالِكَ الۡمَوۡجُوۡدِ وَالۡعَدَمِ بِحَقِّ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر 551 مرتبہ عمل کو تاحصول مقصد جاری و ساری رکھیں انشاءاللہ غیب سے ذاتی مکان کے حصول کے اسباب پیدا ہوں گے

ازتحریر:۔ پیر ملازم حسین (اسلام آباد)

یَا کَنۡفُوۡ یَا اِیۡدِھِیۡ خِطۡجَا حَاضِرۡ شُوۡ

اگر آپ کسی سے کوئی بات منوانا چاہتے ہیں اور اس بات کا ڈر ہو کہ وہ میری بات نہیں مانے گا تو اس ترکیب کو آزمائیں انشاءاللہ آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے

شادی بیاہ کے معاملات میں طریفین کو راضی کرنے، ملازمت حاصل کرنے اور کسی دوست یا دشمن کو مسخر کرنے کے لیے یہ عمل گوہر نایاب ہے جس سے کوئی بات منوانا ہو تو اس عمل کو چند بار زیر لب دھرائیں۔ پھر بات کریں اور جب خاموش ہوں تو پھر بھی اپنے مقصد اور مد مخالف کا تصور رکھتے ہوئے زیر لب ورد کریں انشاءاللہ وہ آپ کی بات مان جائے گا۔

اگر مد مخالف سامنے نہ ہو تو اس عمل کو چند بار پڑھ کر مخالف کا تصور رکھتے ہوئے اس کے چہرے اور قلب پر دم کریں یہ عمل دن میں کئی بار کریں چند دن میں مقصد ہاتھ آجائے گا۔

مجرب است۔

طلاق و جدائی

ازتحریر:- علامہ طالب حسین کرامانی (میلسی)

والقینا بینهم العداوة والبغضاء الی یوم القیمة

ما ظننتم ان یخرجوا وظنوا انهم مانعتهم حصونهم من الله

ولا یحل لقم ان تاخذوا مما اتیتموهن شیئا الا ان یخافا

فلا تعتدوها ومن یتعد حدود الله فاولئك هم الظلمون

الا یقیما حدود الله فان خفتم الا یقیما حدود الله

یا قاهر ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه

الطلاق	مرتن	فامساك	بمعروف
مرتن	فامساك	بمعروف	او
فامساك	بمعروف	او	تسریح
بمعروف	او	تسریح	باحسان

الفراق والعداوة والطلاق ما بین فلاں بن فلاں

وبین فلاں بنت فلاں بحق هذا النقش

اس تعویز کے بے بے شمار فوائد ہیں لیکن میں چند فوائد عرض کروں گا۔اس تعویذ کو صرف جائز مقصد کے لیے استعمال کریں اگر آپ نے اس کے برعکس کیا تو آپ نہ صرف گناہ گار ہوں گے بلکہ اس کا نقصان بھی ہو گا۔

اس تعویز کو بروز منگل مریخ کی ساعت میں 42 مرتبہ لکھیں ایک تعویز عورت اپنے گلے میں باندھے باقی جو 40 تعویز ہوں گے ایک تعویز روزانہ مرد کو 40 دن تک پلائیں چند ایام میں عورت کو طلاق ہو جائے گا۔اگر عورت رنجش کی وجہ سے میکے چلی گئی ہو اور وہ خاوند کو تعویز نہ پلا سکتی ہو تو اس طرح کرے کہ ایک تعویذ روزانہ 40 دن تک ایک قبر میں دفن کرتی رہے چند ایام تک طلاق ہو جائے گی اور بعد میں صدقہ خیرات کرے ۔اگر نکاح ہوا ہے اور رخصتی نہیں ہوئی عورت خاوند سے طلاق لینا چاہتی ہے عورت اس طرح کرے کہ ایک تعویز کسی طرح منکوح مرد کے گھر دفن کروا دے اور ایک تعویز اپنے گھر دفن کرے ایک تعویز کسی مزار میں بطور امانت دفن کر دے چند ایام میں طلاق ہو جائے گی۔اگر عورت خود تعویز بھی پیتی رہے تو بہتر ہو گا۔اگر کسی مرد کے کسی عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات ہیں تو بروز منگل مریخ کی ساعت میں 4 تعویز لکھیں ایک تعویز قبر میں دفن کر دیں دوسرا تعویز وزن کے نیچے دے دیں تیسرا تعویز مرد کے تکیہ میں رکھ دیں اور چوتھا تعویز مرد کو پلا دیں انشاءاللہ دونوں فریقین کے درمیان ایسی جدائی اور نفرت ہو گئی کہ وہ ایک دوسرے کا نام تک لینا گوارہ نہ کریں گے۔

کشف وکرامت

قسور حسن (میلسی)

۷۸۶

۱	۱۹۸	۱۲	۶۰۱
۱۳	خ	ب	۱۹۷
۵۹۹	ی	ر	۳
۱۹۹	۴	۵۹۸	۱۱

يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ مِنَ الْاِسْرَارُ الْغَيْبِ بِحَقِّ عَالِمُ الْغَيْبِ

جذبہ تجسس انسان میں ازلی ہے اس جذبہ کو تدریجاً ترقی دے کر انسان پتھر کے زمانہ سے موجودہ سائنسی دور میں داخل ہوا ہے میرے نقطہ نظر سے تجسس کی دو اقسام ہیں۔

اول مادی تجسس جس نے انسان کو ہوائی جہاز میں اڑا دیا۔راکٹ میں بٹھا کر چاند پر پہنچا دیا۔ آبدوز میں سوار کرا کے زیر آب سفر کرا دیا۔

دوسرا تجسس روحانی ہے جس کے ذریعے انسان آئندہ کل کے حالات سے آگاہی کا خواہ ہوا اسی تجسس نے انسان سے مختلف علوم مخفی، علوم نجوم، علم رمل، علم جفر اور علم ید وغیرہ کی تخلیق کروائی۔

چونکہ یہ تمام علوم مخفی ظنیات پر مبنی ہیں اس لیے انسان ان علوم سے کما حقہ متعین نہ ہو سکا۔

علوم مکاشفہ عوامی خدمت مذہبی انداز میں کرتے رہے ہیں صالقین کا کشف کے ذریعے نہ صرف لوگوں کو مختلف فوائد پہنچاتے رہے ہیں بلکہ وہ اپنے حلقہ خدمت میں لوگوں کو باندھتے رہے ہیں فی زمانہ صاحب کشف حضرات کم ہی نظر آتے ہیں آئیے آپ بھی علم مکاشفہ کے ذریعے عوام الناس کی فلاح کریں طریقہ یہ ہے کہ یہ نقش ایک گتے پر چسپا کر لیں اور رات بارہ بجے کے بعد خلوت میں درمیان سیاہ دائرے پر نظر جما کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر عمل کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں اور ہر نماز کے بعد آٹھ سو بارہ مرتبہ لازمی پڑھیں۔کم خفتن، کم خوردن، کم گفتن پر عمل کریں انشاءاللہ چالیس روز میں یہ طاقت پیدا ہو جائے گی۔

”جب ذرا گردن جھکائی.....دیکھ لی تصویر یار“

قارئین کی فرمائش اور سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے سوال وجواب کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے
آپ بھی کسی مسئلہ کا شکار ہوں مثلاً

بندش کاروبار	شادی میں رکاوٹ	اولاد کا نہ ہونا
لڑائی جھگڑا	خیر و برکت کی کمی	سحر و جادو
مقدمہ بازی	بیماری	بیوی کی نافرمانی
شوہر کی بے راہ روی	بے روزگاری	سفر میں رکاوٹ

یا کوئی اور مسئلہ ہو تو اُس کے لیے ہمیں خط لکھیں۔

علم رمل کے ذریعے آپ کی رہنمائی کی جائے گی۔

- خط میں اپنا پورا نام معہ والدہ لکھیں۔
- تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر لکھیں۔
- سوال مختصر مگر جامع لکھیں۔

1 سے لے کر 100 تک کوئی چار ہندسے لکھیں۔ مثلاً 46-7-61-80

نوٹ

ہندسے لکھتے وقت اپنا سوال ذہن میں رکھیں اور ہندسے دائیں طرف سے ان چار خانوں میں لکھیں

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

فیس فی سوال 300 روپے اور مکمل زائچہ کی فیس 2500 روپے ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے

ادارہ مقیاس الروحانیات
مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

نقوش و الواح

لوح شرف قمر

حصول اولاد و علم نصیب کشائی، زراعت و باغات کی ترقی، غرض ہر نیک مقصد میں کامیابی کے حصول کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف عطارد

حصول علم، ذہنی قابلیت بڑھانے، افسران بالاء کی تسخیر، امتحان میں کامیابی، بیرون ملک ویزا اور سفر میں کامیابی کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف زہرہ

تسخیر خلائق، تسخیر محبوب، تسخیر گاہک، آمدنی کی وسعت اور خواتین کے پوشیدہ امراض کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف شمس

سیاسی و سماجی کامیابی، عزت و بلند مرتبہ، عہدے میں ترقی اور نوکری کے حصول کے لیے اکسیر اعظم ہے

لوح شرف مریخ

کام کاج کی صلاحیت بڑھانا، دشمن پر غلبہ، مخالف کے شر سے بچنا اور حصول قوت و شجاعت کے لیے اکسیر اعظم ہے

سب ہی الواح کا ہدیہ مشک و زعفران 3000 روپے اور چاندی پر ہدیہ 5000 روپے ہے

لوح شرف مشتری

عزت و دولت، شہرت و کامیابی، قانون و عدلیہ میں کامیابی اور مالا مال ہونے کے لیے اکسیر اعظم ہے

ہدیہ مشک و زعفران 5000 روپے، مخلوط دھات پر 7000 روپے اور گولڈ پر 12000 روپے ہے

لوح شرف زحل

استحکام و جمعیت، تسخیر سلطنت و فتوحات، نیز زندگی کو بدلنے کے لیے اکسیر اعظم ہے

ہدیہ مشک و زعفران 5000 روپے اور تانبہ پر 8000 روپے ہے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات
مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

بیسویں صدی کے آغاز میں صورت یہ تھی کہ اگر کسی کو مرض ذیابیطس تشخیص ہو گیا تو اُس کی دنیا تاریک ہو جاتی اس وقت یہ مرض خال خال لوگوں کو ہوتا تھا اور اس بارے میں زیادہ معلومات بھی نہ تھی لیکن اب اس مرض کو مناسب تدابیر، پرہیز اور علاج معالجہ سے کنٹرول کیا جاسکتا تھا مگر نئی صدی میں اس کے باوجود مہلک اور عام مرض بن گیا ہے اگرچہ یہ چھوت کا مرض نہیں ہے جو کہ ایک سے دوسرے کو منتقل ہو جائے تاہم موروثی اثرات کے سبب 40 فیصد اولاد کے اس میں مبتلا ہونے اور اگر ماں باپ دونوں کو یہ مرض ہو تو 80 فیصد امکان اولاد میں منتقل ہونے کا ہوتا ہے۔ ذیابیطس کا مرض کنٹرول ہو جاتا ہے مگر پھر بھی لوگوں کو اکثریت کنٹرول کرنے سے قاصر ہے۔ ایک مطالعہ کے مطابق اس مرض میں مبتلا آدھے افراد کو بیماری کا علم ہی نہیں ہوتا اور جن کو علم ہو جاتا ہے، وہ مناسب احتیاطیں نہیں کرتے، حالانکہ مناسب پرہیز اور علاج سے مریض کا مرض ختم تو نہیں ہوتا البتہ کنٹرول ہو جاتا ہے اس کی سرگرمیوں میں فرق تو ضرور آتا ہے مگر زندگی کو کوئی خطرہ لاحق نہیں رہتا ذیابیطس جسے انگریزی میں (Diabetes) کہتے ہیں ایک خطرناک مرض ہے جو جسم کو اندرونی طور پر کھوکھلا کر دیتا ہے اس کی دو اقسام ہیں ذیابیطس شکری جس میں پیشاب یا خون میں شکر آتی ہے جبکہ کی دوسری قسم ذیابیطس سادہ جس میں شکر نہیں آتی۔ ذیابیطس میں خون میں گلوکوز کی مقدار تشویشناک حد تک بڑھ جاتی ہے اس کے بڑھنے کی وجہ لبلبہ کی خرابی ہے جو ایک چھوٹا سا عضو ہے جسے پنکریاس بھی کہتے ہیں لبلبہ میں ایک رطوبت انسولین پائی جاتی ہے جو خون میں شکر کو توانائی میں تبدیل کرتی ہے لبلبہ کی خرابی کی باعث انسولین پیدا نہیں ہوتی یا کم ہو جاتی ہے تو شکر توانائی میں تبدیل ہونے کی بجائے خون میں رہ جاتی ہے جس سے شریانوں، اعصاب اور خلیات کو نقصان ہوتا ہے یہ خون گردوں میں پہنچ کر پیشاب کے ذریعے خارج ہونے لگتا ہے تو یہ ذیابیطس کہلاتی ہے ہم جو غذا کھاتے ہیں اس میں شکری اجزاء شامل ہوتے ہیں جو نشاستہ دار اشیاء میں زیادہ ہوتے ہیں دوران غذا ہضم میں شامل ہو کر شکر (گلوکوز) میں تبدیل ہو جاےی ہے اور غذا شکر میں تبدیل ہو کر عروق جاذبہ میں ضزب ہو کر شکر بعد میں تبدیل ہو کر جمع رہتی ہے پھر جسم کو توانائی فراہم کرتی ہے شکر (گلوکوز) کی جسم میں وہی حیثیت ہے جو موٹر میں پیٹرول کی اگر خلیات، عضلات اور اعصاب کو شکر نہ ملے تو اُن کو نقصان ہوتا ہے جب شکر اپنے فعال سرانجام دیے بغیر خارج ہو تو یہ کام جسم کا گوشت چربی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس طرح جسمانی عضلات رفتہ رفتہ اور غیر محسوس انداز میں تحلیل ہونے لگتے ہیں اور مرض کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہے پہلے اس مرض کا شکار عمومن 40 سال سے زیادہ عمر کے لوگ ہوتے تھے اب یہ مرض بچوں میں بھی ہونے لگا ہے ذیابیطس کے مرض کا شکار زیادہ لوگ آرام طلب ہوتے ہیں یا پھر میٹھی نشاستہ دار اشیاء کا زیادہ استعمال کرنے والے ہوتے ہیں اس کے علاوہ اس کے اسباب میں موروثی اور ماحولیاتی اثرات ہوتے ہیں۔

★★★ علامات ★★★

- پیاس کا بار بار لگنا۔
- پیشاب کا بار بار اور زیادہ مقدار میں آنا۔

- تھکن رہنا اور کمزوری احساس ہونا۔
- پیاس کی وجہ سے منہ خشک رہنا۔
- بھوک کا زیادہ لگنا۔
- جسم پر خشکی اور کھردار ہو جانا۔
- وزن میں کمی ہونا۔
- زخم یا سوزش کا نہ بھرنا۔
- بے ہوشی وغیرہ۔

ذیابیطس کے مریضوں کی دو اقسام ہوتی ہیں۔

پہلی قسم کے لوگوں میں لبلبہ کچھ نہ کچھ انسولین بنا رہا ہوتا ہے اس لیے ادویہ سے اور تدابیر سے شکر جسم میں کنٹرول رہتی ہے۔ دوسری قسم کے لوگوں میں شکر بالکل کنٹرول نہیں رہتی اس لیے انسولین باقاعدگی سے بذریعہ انجکشن لینی پڑتی ہے۔ اگر مریض مناسب پرہیز تدابیر نہ آئے اور انسولین نہ لے تو درج ذیل علامات ظاہر ہو جاتی ہیں۔

- بے چینی محسوس ہوتی ہے۔
- جسم کا پسینے میں شرابور ہونا۔
- پاؤں لڑکھڑانا۔
- کپکپی طاری ہو جانا۔
- سر میں درد کا ہونا۔
- سر چکرانا اور دل تیزی سے دھڑکنا۔
- بھوک کی زیادتی۔

اگر مرض ابتدائی سطح پر ہو تو بغیر ادویہ کے صرف غذائی ردو بدل اور صبح و شام کی سیر سے کنٹرول ہو جاتا ہے۔ میرے مطب کے تجربات و مشاہدات سے اندازہ ہوتا ہے کہ مریض ذیابیطس کے لیے زبردست اہمیت کی حامل ہے اور پرہیز وغذا کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ چاکلیٹ، میٹھی (چینی) کی نشاستہ دار اشیاء، کریم بسکٹ، مٹھائیوں سے ہاتھ کھینچ لیا جائے۔ غم وغصہ۔ پریشانی سے دور رہا جائے۔ ہلکی ورزش کو معمول بنائیں، کھانا وقت پر کھائیں۔ سبز ترکاریاں ساگ پالک خوب کھائیں۔ گوشت ترکاری میں ملا کر کھائیں۔ پھوک دار یعنی بغیر چھنے آٹے کی روٹی کھائیں۔ گوشت، انڈا، دہی، مکھن اور لسی مفید ہیں۔ متوازن غذا جس میں لحمیات ہوں فائدہ مند ہے۔

طب مشرقی میں درج ذیل تدابیر مرض ذیابیطس کے لیے مفید ثابت ہوئی ہیں

سبز کریلا کوٹ کر اُس کا پانی نچوڑ کر بقدر پانچ تولہ روزانہ پییں۔

جامن کی گھٹلیاں خشک کر کے پیس لیں پھر ہم وزن گڑمار بوٹی ملائیں اور چوتھائی حصہ پوست خشخاش پیس کر ملا کر رکھ لیں۔ صبح و شام خالی پیٹ تین تین گرام ہمراہ تازہ پانی یا لسی نوش فرمائیں۔

کریلے اور جامن کا رس موسم گرما میں خوب استعمال کریں اور صبح شام سیر کو اپنا معمول بنالیں۔

نوٹ:۔ ذیابیطس کے مریض کو اپنے پاؤں کا خصوصی خیال رکھنا چاہیئے کیونکہ پاؤں یا انگوٹھے کا زخم جلدی سے ٹھیک نہیں ہوتا۔

علمائے منجمین اور رمال کا متفقہ نظریہ

برجوں پر ستاروں کے اثرات ہر شخص پر الگ الگ رونما ہوتے ہیں ہر شخص کے زائچہ کے مختلف شعبوں پر ستاروں کے مختلف اثرات ہوتے ہیں۔ ہر ستارے کی ایک اپنی انرجی، فطرت اور مخصوص اثرات ہیں اور اسی فطرت کے مطابق وہ آپ کے زائچہ میں زندگی کے اُن شعبوں پر اثر انداز ہوتا ہے کہ جس میں سے وہ گزر رہا ہوتا ہے۔ لہذا ہر شخص کے لیے الگ زائچہ سے احکام لگانا مؤثر ہے یہاں ہم اقبال احمد نوریؒ کی بروج کے حوالہ سے تقسیم حرف بہ حرف آپ قارئین تک پہنچا رہے ہیں۔ یہ فقط علمی معلومات کے لیے ہے۔ مستند رہنمائی کے لیے علم نجوم کی روشنی میں ہر شخص اپنا الگ زائچہ بنوا کر رہنمائی لے سکتا ہے۔ دعا گو پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

دعا دفع رجعت ونحوست سیارگان

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اللهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ دِلْ مَارَا كُنْ مُسْتَقِيْم بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا هَادِيُ بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ يَا حَافِظُ اَحْفِظْنِي مِنْ نُحُوْسَاتِهِمْ وَنُحُوْسَاتِ الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِي وَالْمِرِّيْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّهْرَةِ وَالْعَطَارَدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم

اول و آخر تین، تین مرتبہ کوئی بھی درود پڑھ کر سات مرتبہ دعا کو روزانہ پڑھیں۔ بچوں کے لیے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ میری طرف سے آپ کو اس دعا کی عام اجازت ہے۔

طریقہ

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں اُن کے برج معلوم کرنے کا یہ مختصر طریقہ بہت کارآمد ہے زندگی کے مختصر حالات جاننے کے لیے یہ ترکیب آزمائیں۔ جس کا برج دیکھنا ہو اُس کے اور اُس کی والدہ کے اعداد حروف ابجد سے جمع کر کے بارہ پر تقسیم کر دیں اگر 1 بچے تو برج حمل، 2 بچے تو ثور، 3 بچے تو جوزا، 4 بچے تو سرطان، 5 بچے تو اسد، 6 بچے تو سنبلہ، 7 بچے تو میزان، 8 بچے تو عقرب، 9 بچے تو قوس، 10 بچے تو جدی، 11 بچے تو دلو اور اگر 0 بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ اگر صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو اس ترکیب کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

21 March
20 April

حمل

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد خوش طبع وخوش اخلاق ہوتا ہے۔ دو عورتیں اس کی قسمت میں ہیں مگر آرام ایک ہی سے پا پائے گا۔ اولاد بہت ہوگی۔ سیاہ لباس اس کے لیے نا مناسب ہے۔ اکثر بُرے کام کر کے شرمندہ ہوگا۔ آگ و پانی سے بچنا بہتر رہے گا۔ نظر بد سے اکثر نقصان پہنچے گا۔ عقیق کی انگوٹھی اس کا پہننا مفید ہوگا۔ خرید و فروخت وتجارت سے نفع ہوگا اگر کچھ نقصان ہو بھی جائے تو جلد بدل ہو جائے گا۔ زندگی کا پہلا دور تکالیف میں، دوسرا دور متوسط جبکہ تیسرا دور آرام سے گزرے گا۔ عبادت خدا میں کاہلی ہرگز نہ کرے۔ اکثر بیماری سردی و بائی سے ہوا کرے گی۔ اگر عمر چالیس برس سے گزر گئی تو نوے برس کی تصور کی جائے نیا چاند دیکھ کر درود شریف پڑھنا بہتر ہوگا۔ چوپائے جانور مثل گائے، بھینس اور بکری پالنا مبارک ہوگا۔ لوح شرف مریخ کا تعویز زندگی بھر کے لیے مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش رفتار، خوش گفتار، عقل مند اور ہوشیار گی۔ سینہ، گردن یا بازو پر ایک تل ہوگا جو نیک بختی کی علامت ہوگی۔ جھوٹ بولنا اور امانت میں خیانت کرنا اس کو ساز گار نہیں۔ جلد غضب ناک ہونا اور جلد ہی غصہ کافر ہونا اُس کی عادت میں داخل ہوگا۔ پڑوس میں ایک شخص اُس کا دشمن ہے اُس سے ہوشیار رہے۔ اوّل عمر میں رنج و مصیبت اُٹھائے گی۔ آخر عمر آرام سے گزرے گی۔ والدین سے راحت پائے گی۔ شوہر اکثر مہربان رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر جیئے گی کم۔ اُم صبیان مسان کا فساد رہے گا۔ دعا اور دوا کرنے سے انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اپنے دل کا بھید کسی نے نہ کہے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔ تیسری اور چوتھی سال خیریت سے گزر گئی تو عمر ستر برس تصور کرنی چاہیے۔ لوح شرف مریخ گلے میں ڈالنا مبارک و بہتر ہے۔

ستارہ	مریخ
حرف	ا، ل، ع
دن	منگل
عدد	9
رنگ	سرخ، نارنجی
پتھر	ہیرا، سرخ عقیق یاقوت، مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد پر نشانی دولت مند وعیش وعشرت اور کامرانی کی ہے۔ نکاح کی خواہش بہت کرے گا لیکن عمدہ عورت ایک ہی سے کاروائی ہوگی۔ شرح کے خلاف کام نہ کرے تا کہ اس کا کام مرضی کے مطابق پورا ہو۔ چار پایوں سے اکثر نقصان ہوگا۔ جس کے ساتھ وفا کرے گا جفا پائے گا۔ جو کچھ کمائے گا خرچ کر ڈالے گا۔ اولاد بہت ہوگی۔ اکثر آنکھ کی بیماری میں مبتلا رہے گا۔ شعبان کا مہینہ طلب حاجت کے لیے بہت مناسب ہوگا۔ بیماری اکثر معدہ، صفراء اور درد کمر و سینہ سے ہو گی۔ پہلا اور چوتھا سال خیریت سے گزر گیا تو عمر انشاء اللہ اسی برس تصور کرنی چاہیے۔ سفر میں بہت فائدہ ہوگا۔ حج کعبہ اُس کے نصیب میں ہے۔ آخر عمر میں دولت ہاتھ آئے گی۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا نہایت مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش خلق، نیک سیرت، عقل مند، خوش سخن و دستکار ہوگی۔ چاہے کسی کے ساتھ کتنا ہی سلوک کیوں نہ کرلے بدلہ برائی سے پائے گی اس کے حق میں یہ بات اچھی نہیں کہ جو کچھ دل میں آتا ہے بغیر سوچے سمجھے زبان پے لے آتی ہے۔ چاہیے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک شخص نیلی آنکھوں والے سے اُس کو نقصان پہنچے گا۔ قرض دینا پسند کرے گی مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی مثل آتش کے گرم اور غصے میں آپے سے باہر ہو جائے لیکن جلد ہی ٹھنڈا پڑ جانا اُس کی عادت میں شامل ہوگا۔ ماں باپ سے اتنی راحت پائے گی کہ دیگر بہن بھائی اُسے دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر مہربان ہوگا۔ آخری حصہ بہتر گزرے گا۔ کبھی کبھی کمر کی شدت کا درد اور شانہ کا نپنا یہ شکایت رحم کی خرابی کے سبب ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر کم جیئے گی۔ اُس کو چاہیے کہ اپنی سر کی کنگھی اور خاص جسم کا کپڑا کسی کو نہ دے۔ دو اور چھ برس کی عمر خیریت سے گزر گئی تو عمر ساٹھ برس تصور کرنی چاہیے۔ شعبان کا مہینہ نیک کاموں کے آغاز کے لیے مفید ہوگا۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا بہتر ہوگا۔

ستارہ	زہرہ
حروف	ب، و
دن	جمعہ
عدد	6
رنگ	نیلا، سبز
پتھر	سبز پکھراج اوپل

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد بامروت، خوش عادت، ہوشیار اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گا لیکن بدلہ برائی سے پائے گا۔ بزرگوں کی صحبت اُس کے حق میں مفید ہے۔ حرام مال سے پرہیز کرے ورنہ ایک روپے حرام کا سو روپے لے کر جائے گا۔ سفر میں تکلیف اُٹھائے گا۔ مال بہت ہاتھ آئے گا یا توجہ کرے گا یا کوئی ایسا کام جس سے حج کا ثواب پائے گا۔ حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔ باغ وکھیتی سے فائدہ ہوگا۔ اولاد بہت ہوگی مگر اُن کی طرف سے دُکھی رہے گا۔ بلغمی امراض، دردسر اور درد سینہ کی تکلیف اکثر رہے گی۔ شہد اور کلونجی صبح نہار منہ کھانا مفید ہوگا۔ زرد اور نیلی آنکھوں والے سے خطرہ رہے گا۔ قبلہ کی طرف سفر کرنا مبارک ہے۔ دوسرے اور پانچویں برس کی تکلیف سے بچ گیا تو انشاءاللہ عمر اس کی نوے برس ہوگی۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت گندم گوں، بلند قد، نیک زبان، رحم دل، خوش گفتار اور ہر دل عزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشان رکھتی ہے وہ نیک بختی کی نشانی ہے اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی عوض میں بدی پائے گی اسے چاہیے کہ اپنے دل کا بھید کسی کو نہ دے۔ دشمن بکثرت ہیں۔ خاص کر جس نے دو شوہر کیے ہیں کوتاہ قد سیاہ چشم اس سے بہت بغض رکھتی ہیں۔ یہ دوست دشمن کو نہیں پہچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے چاہیے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست اور اپنی مراد کو پہنچے۔ اکثر سردی اور خشکی کے سبب زانوں اور پیڑو میں درد ہونے کا امکان ہے۔ ہریڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی۔ بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر کم جئے گی اور آسیب سے مضرت پہنچے گی بدھ کے دن سر نہ دھویا کرے نیا چاند دیکھ کر پانی کو دیکھے اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر کی بیماری سے محفوظ رہی تو عمر اسی برس تصور کی جائے گی۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مفید ہے۔

CANCER

22 June
23 July

سرطان

ستارہ	قمر
حروف	ح، ہ
دن	پیر
عدد	2
رنگ	دودھیا
پتھر	درِنجف سفید مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد کی دو صورتیں ہیں۔ اوّل سانولے رنگ کا طاقتور دوسرا گورا چٹا نحیف اور کمزور لیکن دونوں صورتیں۔ دولتمندی کی نشانی ہیں سفر بہت کرے گا اور فائدہ بھی کمائے گا۔ البتہ وفا کا بدلہ جفا سے پائے گا۔ اس کے بدگو بہت ہوں گے۔ زندگی کا ابتدائی حصہ پریشانی میں گزرے گا اور بقیہ حصہ آرام وراحت میں انجام بہرحال بخیر ہوگا۔ اگر رنج وغم میں گھبرائے نہیں اور یقین رکھے کہ خدا کارساز ہے تو سب کام انشاءاللہ آسان ہو جائیں گے۔ سینہ اور اعضاء پر ایک تل ہیں وہ مبارک ہے۔ بھائیوں اور دوستوں سے محبت کرے گا۔ وفا پائے گا۔ ماں باپ سے جدا ہو جائے گا۔ نکاح کئی کرے گا لیکن ایک سے کاروئی ہوگی اور اولاد بہت ہے۔ لیکن اوپری خلل کا اندیشہ رہے گا۔ بیماری اکثر درد کمر اور سرد ہواؤں سے ہوگی۔ حاسد بہت ہوں گے لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا سفید لباس پہننا مناسب ہوگا۔ اس کے لیے ماہ ربیع الاوّل دن سینچر ہر کام کے لیے۔ بہت مبارک ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر پانی پر نظر کرنا بہت بہتر ہوگا۔ اگر کسی سے کچھ لینا ہو تو داہنی طرف کھڑا ہو۔ ساتویں اور اٹھارہوں برس خیرت سے گزر گئے تو نوے برس کی عمر تصور کرنا چاہیئے۔ گلے میں لوح شرف قمر پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت میانہ قد، ابروکشیدہ، چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا اور اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہوگا جس قدر بزرگ ہوگی کام بھی بزرگ ہوگا۔ عمر بھر میں دو مرتبہ نحس ستارے کے سبب سے پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے باطن میں دشمنی بدنظر سے مال اور اولاد کا نقصان اُٹھائے گی۔ اپنی بات میں سچی ہوگی، جھوٹ کو دشمن سمجھے گی۔ کسی قسم کا حرام مال اس کو سزاوار نہیں۔ ایک بڑی بھاری مصیبت قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں ہی سے نکلے گی۔ والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کو حال کسی کو نہ کہے گی۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اُٹھائے گی۔ اولاد ہوگی مگر جئے گی کم، بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی۔ چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ گل سرخ شہد کے ساتھ معجون کر کے کھائے۔ ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے اور اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرا دے گا کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔ چاہیے کہ اس کو ترک کرے، نماز میں کاہلی نہ کرے عمر تیس یا اسی سال تک۔ اس کے لیے شوال کا مہینہ منگل کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہوگا۔ گائے بھینس کا ہونا اور سبز رنگ کا لباس اس کے لیے مبارک ہوگا۔ گلے میں لوح شرف قمر پہننا مفید ہے۔

LEO
23 July
23 August
اسد

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد سفید، خوش رو خوش سخن، ابرو کشیدہ، بزرگوں کے حضور چرب زبانی اور تند خوئی سے پیش آئے گا اور خیال نہ کرے گا کہ میں نے کیا کہا۔ لہو ولعب کھیل کود کو دوست رکھے گا۔ ایک بڑا بھاری رنج بھی اس کو پہنچے گا۔ کسی کی ضمانت کرنا اچھا نہیں۔ اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے۔ بزرگ لوگ اس کی بات کو معتبر سمجھیں گے۔ مال واسباب بہت کمائے گا لیکن خرچ کر ڈالے گا۔ اپنی سادگی کے سبب دشمن کو بھی دوست جانے گا۔ دشمن بہت ہوں گے۔ چاہیے کہ کسی سے بھی اپنے دل کا بھید نہ کہے۔ ماں باپ اس سے پہلے انتقال کر جائیں گے۔ اولاد کم، بیماری اکثر درد سر، درد شکم وغیرہ سے ہوگی۔ ایک مدت تک اس کا کام اندھیرے میں پڑا رہے گا۔ پھر بعد میں سب کام درست ہو جائیں گے۔ اس کو چاہیے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے۔ عمر چار برس یا طبعی ہوگی۔ اتوار کا دن سرخ لباس، گائے، بیل اور بکری اس کے لیے مبارک ہیں۔ گلے میں لوح شرف شمس کا پہننا نیک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت بلند قامت، نیک خو، خوبصورت، خوش خلق اور باعث فراخ روزی ہوگی۔ زندگی ہنسی خوشی گزرے گی۔ مگر اوّل میں رنج و مصیبت بہت اُٹھائے گی۔ بعد میں سب بگڑے کام بن جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی۔ کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی۔ نماز میں کاہلی ہرگز نہ کرے۔ ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا۔ ہوشیار رہے۔ والدین سے اوسط نفع رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر شاید کم جئے گی۔ درد کمر، خشکی اور دوزانوں وغیرہ سے بیمار رہے گی۔ گل قند کھایا کرے۔ نیا چاند دیکھ کر سنہری روپہلی چیز دیکھے عمر طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف شمس پہننا مفید ہے۔

ستارہ	شمس
حروف	م
دن	اتوار
عدد	1
رنگ	سنہری، زرد
پتھر	یاقوت، ہیرا

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد میٹھی زبان والا ہوگا۔ مگر اس کو جھوٹ بولنا ہرگز سزاوار نہیں۔ راست گوئی اور سچائی سے فائدہ دیکھے گا۔ نماز میں سستی و کاہلی نہایت مضر ثابت ہوگی۔ غصہ کو ضبط کرنا بہتر ہوگا۔ کسی سے شرکت کرنا بہتر نہیں۔ اکثر کاموں میں غصہ جلد آئے گا لیکن فوراً جاتا رہے گا۔ مال بہت جلد بات کہنے میں پیدا کرے گا لیکن صرف کر ڈالے گا۔ بدن میں ایک نشان ہوگا جو دولت واقبال کی نشانی ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ لوگ اس کے سامنے تو نیکی سے پیش آئیں گے اور پیٹھ پیچھے برائی کریں گے۔ لیکن وہ کچھ بگاڑ نہ سکیں گے۔ چار پائے قسمت میں بہت ہیں۔ ماں باپ سے میراث کم ملے گی۔ بہن بھائی سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔ اولاد ہوگی جو کم جئے گی۔ زندگی کا پہلا دور قدرے تکلیف اور آخری دور نہایت اچھا گزرے گا۔ عمر پانچ برس یا طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ، سبز لباس، چار پائے زینہ مبارک ہوں گے۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش شکل، آبرو کشیدہ، رنگ سرخ و سفید اور اعضاء پر ایک تل عزت و آبرو کی نشانی ہے۔ اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہو جائے گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ ایک شخص بلند قد، سانولا رنگ سبزی مائل اسکا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ جھوٹ بولنا اس کو سزا اور نہیں ہوگا اس پر بہتان بہت ہوگا لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے۔ کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی تمناء میں دل بستگی رہے گی۔ جس کا ترق وصول دونوں غیر ممکن ہوں گے۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہے تو مرادیں جلد حاصل ہوں گی۔ والدین نہایت محبت کریں گے۔ بہن و بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں گے۔ اس کا قدم شوہر کے لیے مبارک ہوگا۔ طاق اولاد قسمت میں ہے۔ عمر طبعی ہے۔ گلے میں لوح شرف عطارد پہننا نیک ہے۔

ستارہ	عطارد
حروف	پ، غ
دن	بدھ
عدد	5
رنگ	سبز
پتھر	زمرد، فیروزہ

LIBRA

میزان

24 September
23 October

ستارہ	زہرہ
حروف	ر، ت، ط
دن	جمعہ
عدد	6
رنگ	نیلا
پتھر	اوپل، سفید پکھراج

خواص طالع مرد

اس طالع کے مرد کی تین صورتیں ہیں۔ اوّل سرخ وسفید، ابروکشیدہ۔ دوسرا بلند کامت، تیسرا غمگین چہرہ، خوش خلق اگرچہ کسی پر اپنی جان بھی قربان کر دے گا۔ تب بھی کوئی اس کی قدرومنزلت نہ کرے گا کسی کی ضمانت نہ کرے۔ تجارت سے نفع پائے گا۔ گردن یا بازو پر ایک تل ہے جو نیک بختی کی علامت ہے۔ اپنا خواب کسی سے نہ کہے۔ رسول کریمؐ کی زیارت خواب میں نصیب ہو۔ اپنا مطلب ومراد حاصل کرے گا۔ خدا کا شکر بجالانا چاہیئے۔ اس کا ستارہ نیک ہے۔ عبادت خدا میں کاہلی نہ کرے۔ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ حرام مال اپنے مال میں نہ ملائے اور نہ اس کی طرف توجہ کرے کہ سزاوار نہیں۔ اگر ایک پیسہ حرام کا پیدا کرے گا تو دس پیسے حلال میں سے جاتے رہیں گے۔ اپنے کسی کام میں ہمت نہ ہارے خدا کے نام سے ہر کام شروع کرے، زندگی خوب گزارے گا۔ ماں باپ اس سے پہلے مرجائیں گے۔ قسمت میں اولاد بہت ہے چھوٹے لڑکے سے آرام پائے گا۔ بہن بھائی سے وفا کم، عمر آٹھ برس یا نوے برس تصور کرے۔ رمضان کا مہینہ نیلا لباس مبارک ہے۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا نیک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت کے اعضاء پر ایک نشان ہوگا وہ اقبال کی نشانی ہے۔ فراخ روزی ہوگی، زندگی عیش وشادمانی میں گزرے گی۔ ایک زمانہ سختی کا اس کے سر پر گزرنے والا ہے، دشمن اور بدگو بہت ہیں لیکن کوئی غالب نہ ہوگا۔ ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے گی جس کا چھوڑنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا۔ چاہیے کہ عفت اور پاکدامنی اختیار کرے تو بگڑے کام سنور جائیں گے۔ اوّل مصیبت آخر کو عیش ہے۔ آتش مزاج کی وجہ سے گستاخانہ الفاظ کہہ بیٹھتی ہے ترک کرنا چاہیے، حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے، شوہر مہربان رہے گا۔ بیماری اکثر بلغم وصفراء سے ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا معلوم ہونے لگے گا۔ اکثر ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار، نہ تندرست۔ دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ عمر تین یا نو برس یا طبعی ہوگی۔ رنگ دار کپڑے مبارک ہوں گے۔ گلے میں لوح شرف زہرہ پہننا مناسب ہے۔

ستارہ	مریخ
حروف	ن، ی
دن	منگل
عدد	9
رنگ	سرخ
پتھر	مرجان

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد سفید پوش، بلند قامت، حاکموں کے سامنے چرب زبان اور خوش نصیبی کا یہ عالم ہوگا کہ اگر مٹھی میں مٹی بھی لے گا تو سونا بن جائے گی۔ اولاد اور بیوی سے بہت فائدہ پائے گا۔ حج یا عمرہ کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا ثواب ہو۔ زندگی بہت ہوگی۔ لوگوں میں عزیز اور بزرگ ہوگا۔ بے غم واندوہ عمر گزارے گا۔ عزیزوں سے فائدہ ہوگا۔ ماں باپ سے کم نفع پائے گا۔ بیماری اکثر درد شکم وناف اور قولنج سے ہوگی۔ میٹھے انار کا اکثر استعمال مفید ہوگا۔ نماز شرح کی پابندی قسمت میں چار چاند لگا دے گی۔ لڑکپن میں آگ اور پانی سے خوف ہے۔ دشمن اگرچہ بہت ہیں مگر غالب نہ ہوں گے۔ البتہ ایک شخص دبلا پتلا اس کا دشمن ہے اس کے فریب سے بچتا رہے۔ ابتدائی عمر میں ایک سخت مصیبت پیش آئے گی لیکن عاقبت بخیر ہوگی۔ عمر تیس برس یا طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف مریخ کا پہننا مبارک ہے۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت خوش مزاج، خوش رفتار اور سینہ پر ایک تل یا نشان رکھتی ہے جو کہ نیک بختی کی نشانی ہے۔ روز بروز اس کا ستارہ ترقی پر ہے۔ رنج ومحنت بہت اُٹھائے گی۔ اس کو چاہیے بڑوں کی نصیحت قبول کرلیا کرے اور دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ کسی سے دھوکہ بھی اُٹھائے گی۔ صبر کرے اور غصہ کو ترک کرے زندگی ہنسی خوشی گزارے گی۔ وادی اور سردی معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیمار رہے گی۔ اس کے ساتھ درد سر وکمر، دل کا کانپنا اور جسم میں سنسنی اور بوجھ سا محسوس ہونے کی شکایت بھی کثرت سے رہے گی۔ والدین سے فیض پائے گی۔ بہن بھائی سے وفا کم اولادیں کئی ہیں لیکن آرام ایک سے ہی پائے گی۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف مریخ پہننا مؤثر ہوگا۔

ستارہ	مشتری
حروف	ف
دن	جمعرات
عدد	3
رنگ	سبز
پتھر	فیروزہ، نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد خوش رو خوش مزج خوش لباس، فراخ روزی، اوّل عمر میں پریشانی اور ابتری حاصل ہے آخری عمر میں درستی اور بہبودی ہوگی۔ مال بہت جمع کرے گا۔ چوپائے جانوروں سے نفع پائے گا۔ حرام سے نقصان پہنچے گا۔ دوستوں سے راحت و آرام، ماں باپ سے روزی کم بھائیوں، بہنوں سے منافقت، اولاد کی طرف سے خوشحال۔ دنیا رنج وغم سے فارغ البال۔ بیماری اکثر آسیب پائے گی۔ دریا کا سفر مبارک ہوگا کوئی کام بند نہ ہوگا۔ حضور پرنور ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہو گی۔ دنیا اور دین کی سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ کوئی دشمن کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ نیا چاند دیکھ کر درود ابراہیمی پڑھنا بہتر ہوگا۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا مبارک ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت کی تین صورتیں ہیں۔ اول سفید رنگ کی، فراخ روزی دوسرے خوش خلق تیسرے غریب دوست اور مہربان۔ پہلو میں کوئی تل یا نشان ہے وہ دولت کی نشانی ہے، وسیع القلب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی بات کی سچی جھوٹوں کی دشمن اس کو ایک نقصان پہنچے گا مگر اللہ تعالی عوض عطا فرمائے گا کسی ایسی جگہ سے فائدہ ہوگا جہاں سے گمان بھی نہ ہو خیانت نہ کرے۔ عبادت خدا میں غفلت نہ برتتے ہر مراد آسانی سے حل ہو جایا کرے گی۔ جس سے دوستی کرے گی دشمنی پائے گی۔ دشمن بہت ہیں۔ بعض وقت بہت مایوس ہو جایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے۔ صبر کرنا چاہیے سارے کام بن جائیں گے۔ والدین سے معمولی فائدہ اور بہن بھائی سے خوشی و راحت حاصل ہوگی۔ بیماری اکثر رطوبت صفراء معدہ اور اندرونی مسائل سے ہوگی۔ عمر چار یا سات برس یا اسی برس تصور کرے۔ گلے میں لوح شرف مشتری پہننا نیک ہے۔

CAPRICORN
22 December
20 January
جدی

ستارہ	زحل
حروف	ز، ذ، ظ، گ س، ح، ج
دن	ہفتہ
عدد	7
رنگ	نیلا، سیاہ
پتھر	سیاہ عقیق، نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد نیک خلقت، سخن گو اور چرب زبان ہوگا۔ اپنے دل کا بھید کسی سے بھی نہ کہے گا۔ نماز میں کاہلی نہ کرے۔ حرام اور ناجائز مال کی طرف توجہ نہ کرے ورنہ نقصان اُٹھائے گا۔ راستی سچائی سے فائدہ مند ہوگا۔ حصول دنیا کیلئے بہت کوشش کرے گا مگر وہی ملے گا جو نصیب میں ہوگا۔ لوگوں پر اپنی جان بھی فدا کر دے گا تب بھی کوئی اُس کی قدر نہ جانے گا۔ آخر عمر میں مال بہت آئے گا۔ دفینہ بھی نصیب میں ہے۔ چار پایوں سے نقصان اُٹھائے گا۔ اولاد نصیب میں بہت ہے۔ زندگی دراز ہے۔ قرض دینا اچھا نہیں شراکت داری بہتر ہے مگر خیانت نہ کرے۔ ماں باپ سے جدائی وراثت کم ملے بہن بھائی خدمت گار ہوں گے۔ بیماری اکثر دوزانوں کے امراض سے ہوگی۔ نیا چاند دیکھ کر قرآن پاک کا دیکھنا بہتر ہے۔ نیک کام کے لیے ربیع الاول کا مہینہ مبارک ہوگا۔ عمر چار یا اٹھارہ برس کی بیماری سے محفوظ رہا تو عمر اس کی سو برس تصور کی جائے۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت بامروّت، ہوشیار اور فراخ روزی ہوگی۔ دلی بھید کسی کو نہ بتائے۔ سچائی پسند ہے۔ کسی ایسی شے کی محبت میں مبتلا ہو جائے گی جو نہ تو اس کو مل سکتی ہے اور نہ ہی یہ اسے چھوڑ سکتی ہے۔ ہمیشہ فکر واندیشہ میں رہتی ہے۔ اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے۔ چند روز صبر کرنے کے بعد مُراد مل جاتی ہے۔ پڑوسیوں سے محبت کرے مگر بدلے میں بدی پائے گی۔ کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ بیماری اکثر رحم کے خلل سے پیدا ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا چھانے لگے گا اور دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کرے سونٹھ کو شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ نیا چاند دیکھ کر سورة نصر پڑھنا مبارک ہوگا۔ گلے میں لوح شرف زحل پہننا مؤثر ہوگا۔

ستارہ	زحل
حروف	س،ش،ث،ص
دن	ہفتہ
عدد	4
رنگ	نیلا
پتھر	لاجورد،نیلم

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد دولت مند، پاکدامن جس قدر بزرگ ہوتا جائے گا اُس کا کام نیک ہوتا جائے گا۔اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ایک بڑا بھاری رنج اُٹھائے گا۔کسی کی ضمانت کرنا بہتر نہیں۔تہمت و بہتان بہت لگیں گے۔چاہیے کہ خدا پر بھروسہ رکھیں اور صبر کرے۔خرید وفروخت اور زراعت اس کے حق میں بہتر ہے۔زندگی عیش وعشرت سے گزرے گی۔مال بہت کمائے گا۔دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔اگر کوئی غلطی کرے گا تو فوراً توبہ کرے گا۔دل میں کینہ وبغض کسی کے لیے نہ رکھے گا۔علم میں حریص ہوگا۔عمر چھ برس یا نوے برس تصور کرنی چاہیے۔گلے میں لوح شرف زحل پہننا مبارک ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت جاذب نظر اور بامروت وکامران ہوگی۔اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔عمر اچھی طرح کٹے گی۔البتہ درمیان میں کچھ دن پریشانی میں گزریں گے۔والدین سے نفع اوسط،بہن بھائی سے وفا کم اور شوہر مہربان ہوگا۔نیا چاند دیکھ کر سورۃ فاتحہ پڑھنا نیک ہے۔گلے میں لوح شرف زحل پہننا اکسیر ہوگا۔

ستارہ	مشتری
حروف	د،چ
دن	جمعرات
عدد	3
رنگ	نیلا،سبز
پتھر	زرد عقیق زرد پکھراج

خواص طالع مرد

اس طالع کا مرد بلند قامت،خوش کلام،گندمی رنگ،خوش سخن اور خوش خلق ہوگا۔نوادرات (عجیب وغریب چیزوں پر) جان فدا کرے گا۔دشمن بہت ہوں گے۔اکثر غیبت کریں گے۔اپنی بات جو لوگوں سے کہے گا لوگ قبول کریں گے۔اپنی سادہ لوحی کے سبب دوست اور دشمن میں تمیز نہ کرسکے گا۔خلق کی نظر میں عزیز ہوگا۔بُری صحبت سے پرہیز کرے گا۔کچھ عرصہ ستارے کی نحوست کے سبب نقصان پائے گا۔پڑوسیوں سے نیکی کرے گا۔عوض میں بدی پائے گا۔دو اور تیرہ برس خیر سے گزر گئے تو عمر طبعی ہے۔نیا چاند دیکھ کر سورۃ یسین پڑھنا مبارک ہوگا۔رجب کا مہینہ نیک کام کے لیے مفید ہوگا۔گلے میں لوح شرف مشتری پہننا مفید ہوگا۔

خواص طالع عورت

اس طالع کی عورت ابرو کشیدہ اور دل عزیز ہوگی۔رنج وغم بہت سہے گی۔آتش مزاج،ہاتھ میں کوئی خاص گُن نہیں۔جس سے نیکی کرے گی وہی غیبت کرے گا۔دشمن بہت ہوں گے۔شوہر سے کبھی خلاف نہ ہو۔نماز میں غفلت نہ برتے۔سب بلائیں دور ہوں اور دلی مراد حاصل ہوگی۔دشمن پامال ہوں گے۔اس کی زندگی اوسط گزرے گی۔بیماری اکثر دردسر وگردن سے رہے گی۔عمر دو برس یا طبعی رمضان کا مہینہ نیک کام کے لیے اور جمعرات کا دن متبرک ہے۔گلے میں لوح شرف مشتری پہننا نہایت کارآمد ہوگا۔

فتح نامہ

علم جفر کا سریع التاثیر نقش

خدانخواستہ آپ گردش ایام سے نالاں ہیں۔ زندگی سے مایوس ہو چکے ہیں۔ ناکامیوں نے دماغ کو مفلوج کر رکھا ہے۔ درست فیصلہ اور قدم اُٹھانے سے بھی کام بن بن کر بگڑ جاتے ہیں۔ المختصر ذہن پر گند اور قوت فیصلہ مفقود ہو کر رہ گئی ہے۔ گھر میں بے برکتی اور نحوست کا دور دورہ ہے۔ لاکھوں کا کاروبار تباہ ہو کر رہ گیا ہے۔ لاکھ ہاتھ پاؤں مارنے سے بھی کامیابی نہیں ہو رہی۔ قرض سے پریشان ہیں یا بیماری سے تنگ آ چکے ہیں گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے مقدمات نے الجھا رکھا ہے سحر یا جادو کا اثر ہے۔ غرض یہ کہ کوئی بھی دنیاوی پریشانی ہے۔ اس نقش مبارک فتح نامہ کو تیار کروا کر کامل اعتقاد سے پاس رکھیں۔

بحکم خدا تبدیلی حالات کے غیبی اسباب ہوں گے تھوڑے ہی عرصہ میں آپ حصول مراد کو پہنچیں گے میرا ربع صدی کے تجربات کا نچوڑ ہے۔ اس کے اثرات کبھی فیل نہیں ہوئے اپنے حالات بالتفصیل نام مع والدہ اور ہمراہ ہدیہ **3300** روپے علاوہ محصول ڈاک: ہدیہ ہر صورت پیشگی روانہ کریں۔

نقش تحفظ

قرآن حکیم کا معجزاتی نقش

جادو سحر، اتفاقیہ حادثات، غیر طبعی موت اور دشمنوں سے تحفظ۔

اس مخدوش دور حیات میں حادثات سے کوئی بھی فرد محفوظ نہیں کسی وقت کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے حفاظت کے لیے ایک نقش تیار کرتا ہوں جو نقش حامل کو جسمانی حادثات سے تحفظ دیتا ہے

(1) سحر و جادو اور نظر بد سے بچاتا ہے (2) اغواء سے محفوظ رکھتا ہے

(3) قتل اور غیر طبعی حادثات سے حفاظت کرتا ہے

(4) سفر کر دوران سواری اور سوار کو بچاتا ہے

(5) گھر میں رکھنے سے چوری اور ڈکیتی سے حفاظت رہتی ہے

غرضیکہ حامل نقش ہر طرح سے حفاظت میں رہتا ہے۔

ہدیہ لوح کاغذ **2800** روپے اور چاندی **5000** روپے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

نقش مسرت

میاں بیوی زندگی کی گاڑی کے دو پہیے ہوتے ہیں ان میں ایک بھی توازن بگڑ جائے تو زندگی کی گاڑی ہچکولے کھاتی ہوئی رکتی جاتی ہے بالآخر ختم ہو جاتی ہے۔ وہ میاں بیوی جو الجھتے رہتے ہوئے بھی ندی کے دو کنارے ہیں۔ جو دور افق تک ملتے نظر نہیں آتے۔

یہ نقش میرے ربع صدی کے معمولات میں سے ہے۔ ہزاروں مرد و زن اس کی بدولت یک جان ہو کر خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔

روٹھی ہوئی بیوی یا شوہر کی بے التفاتی کی شکار خواتین کے لیے بے پناہ اثرات کا حامل ہے۔

خاوند کو بندہ بے دام اور **بیوی** کو رام کرنے کے لیے ضرورت مند خواتین و حضرات اپنے حالات مع ہر دو فریقین کے نام معہ والدہ لکھیں۔

بے رخی زندگی کو نقش مسرت سے خوشگوار بنائیں۔

ہدیہ نقش **3300** روپے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

نقش صوامت

دشمن کی زبان بندی کسی کو ناجائز گواہی سے روکنا، ناجائز تعلقات کا خاتمہ، بندش طلاق، حفاظت حمل، رشتے سے انکاری، خاوند کی مار پیٹ، رخصتی باندھنا، نکاح باندھنا، زنا باندھنا، سفر باندھنا، قبضہ باندھنا، خون بواسیر اور حیض باندھنے کے علاوہ چوری اور جھوٹ کی عادت ختم کرنے کے لیے مؤثر اور برسوں کا معمول عمل ہے جس کا نتیجہ کم سے کم **12** گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ **72** گھنٹوں میں نمودار ہو جاتا ہے عمل تیار کروانے کے خواہشمند حضرات اپنا نام معہ والدہ اور مخالف کا نام معہ والدہ اور مقصد کے ساتھ جوابی لفافہ کے ہمراہ رابطہ کریں۔

ہدیہ لوح سکہ **5100** روپے اور ہدیہ لوح کاغذ **3300** روپے ہے ہدیہ ہر صورت میں پیشگی روانہ کریں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل، جناح ٹاؤن، بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103, 0322-2424103, 0345-2424103

نقش حصول انعام

جو لوگ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کے لیے انعامی سکیموں کا سہارا لیتے ہیں مگر بدقسمتی سے انعام اُن کے بالکل قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے۔ قرآن کا خاص نقش جو کہ مخصوص اوقات میں تیار کیا جاتا ہے۔ اس نقش کو پرائز بانڈ میں رکھیں انشاء اللہ یقیناً آپ انعامی سکیموں میں فاتح ہوں گے اور قسمت آپ کو مالا مال کر دے گی۔

عجیب النفع چیز ہے آزمائیں اور دامن خوشیوں سے بھر لیں۔ ہدیہ نقش **7200** روپے ہدیہ ہر صورت پیشگی ارسال کریں۔

نقش نجات

یہ نقش برقی رفتار سے کام کرتا ہے اور علم جفر و قرآن کریم کی آیات کا زندہ معجزہ ہے۔ کسی ظالم شخص جو نقصان کا باعث ہو یا کسی ایسے فرد کو محلہ یا مکان سے نکالنا مقصود ہو جس کے شر سے لوگوں کی جان و مال یا عزت و آبرو کا خدشہ ہو یا کوئی مفسد ہو جسے مکان یا محلہ سے نکالنا ضروری ہے اُس کے لیے یہ نقش لاجواب ہے اور سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

نقش کو آزمائیں اور ظالم و مفسد شخص سے نجات پائیں۔

ہدیہ نقش **2100** روپے ہدیہ ہر صورت پیشگی ارسال کریں۔

بچے کا نام

نام کے اثرات انسانی زندگی پر بہت زیادہ ہوتے ہیں اپنے بچے کی کامیاب زندگی گزارنے کے لیے اس کا نام علم نجوم کی روشنی میں استخراج کروائیں ہم یہ کام فی سبیل اللہ کریں گے ہمیں یہ کوپن پُر کر کے جوابی لفافہ کے ساتھ بھیجیں جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو

تاریخ پیدائش............وقت پیدائش............

مقام پیدائش............بچے کی والدہ کا نام............

اسم اعظم معلوم کریں

اگر آپ اپنی زندگی کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں تو اپنے نام کے اسم اعظم کا ورد کریں۔ اپنے نام کا اسم اعظم فی سبیل اللہ معلوم کرنے کے لیے یہ کوپن پُر کر کے جوابی لفافہ کے ساتھ بھیجیں جس پر آپ کا مکمل پتہ درج ہو۔

نام................

والدہ کا نام..........

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

علم ہمزاد سیکھئے

ہر انسان کے ساتھ اُس کا مخفی جسم بھی ہوتا ہے جو کہ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا اُسے جسم لطیف (ہمزاد) کہتے ہیں اس جسم لطیف کو تسخیر کر کے عامل ہر طرح کے کام لے سکتا ہے۔

اگر آپ بھی اس عجیب وغریب قوت کو حاصل کرنے کا شوق رکھتے ہیں تو ہم سے رجوع کریں انشاء اللہ تین چلوں کے اندر اندر آپ کا ہمزاد تسخیر ہو گا اور اس طرح آپ ایک بہت بڑی قوت کے مالک بن سکتے ہیں۔

علم ڈھایا سیکھئے

ہر شخص روحانیت سے چیزیں منگوانے، تعویزات کی حاضری، زبح جنات اور اس طرح کے دیگر کرشمات کا مداح ہوتا ہے اگر ابھی تک آپ کو علم ڈھایا کا عامل نہیں ملا تو ہم سے رجوع کریں اور ½2 سیکنڈ، ½2 منٹ، ½2 گھنٹے اور ½2 دن میں عوام الناس کو عجائب وغرائب دکھا کر محو حیرت میں مبتلا کر سکتے ہیں اور اس طرح آپ ایک پُراسرار شخصیت کے مالک بن سکتے ہیں۔

عملیات و تعویزات کا علم سیکھئے

اگر آپ عملیات و تعویزات کا علم سیکھنا چاہتے ہیں اور کوئی رہبر آپ کو نہیں مل رہا جو آپ کی رہنمائی کر سکے۔ تو اس کے لیے ہم سے رجوع کریں۔ ہم آپ کی مکمل رہنمائی کریں گے جس سے کامیابی یقینی اور رجعت سے مکمل حفاظت ہوگی۔ بذریعہ ڈاک آپ یہ علم سیکھ سکتے ہیں۔

پاک و ہند کے جناب قبلہ معروف ماہر علوم مخفی پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) کی شہرہ آفاق و عجوبہ روزگار کتب

سحر صوامت

اس اہم کتاب میں ماہرین حروف کے صدی بہ صدی حروف صوامت پر مبنی عملیات و مجربات کی تفصیل پیش کی گئی ہے یہ نا قابل تردید حقیقت ہے کہ حروف صوامت کے موضوع پر کوئی مستند اور جامع کتاب موجود نہیں۔ باکمال مصنف و مؤلف پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) نے سحر صوامت لکھ کر ایک بہت بڑی علمی وفنی خدمت سرانجام دی ہے۔ اس کتاب کی تالیف و تصنیف کے سلسلے میں موصوف کی یہ کد و کاوش اور تلاش و جستجو نا قابل فراموش ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ اس کتاب پر عمل کر کے آپ عملیاتی دنیا کے بے تاج بادشاہ بن جائیں گے اور سائلین کے کام فقط 13 منٹ سے 13 گھنٹوں میں سرانجام دینے والی پُر اسرار قوت کے مالک بن جائیں گے۔

قیمت 1300 روپے

نایاب الحاضرات

باکمال مصنف و مؤلف پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) کی شہرہ آفاق تصنیف ہے۔ جس میں مصنف کے افادات پر مشتمل ایسے اعمال حاضرات و مجربات کو جمع کیا گیا ہے جو سہل الحصول ہونے کے ساتھ ساتھ مجرب المجرب بھی ہیں خصوصاً وہ عملیات حاضرات و مجربات ہیں جن پر عمل کر کے ہر شخص نہ صرف لوگوں کو حاضرات کا مشاہدہ کروا سکتا ہے بلکہ خود بھی بلمشافہ حاضرات سے بات چیت کر سکتا ہے ان اعمال کی بجا آوری کے لیے فقط تھوڑی سی محنت کی ضرورت ہے۔ ان اعمال پر عمل پیرا ہونے والوں پر ان کے اسرار و رموز کے سمجھنے کی صلاحیت از خود بیدار ہونے لگتی ہے۔

قیمت 1500 روپے

شفاء بالرمل

پیغمبر دانیالؑ کے معجزانہ علم سے ہر قسم کے روحانی و جسمانی مرض کی تشخیص اور کامل شفاء کے لیے مکمل طریقہ علاج موجود ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ جو کوئی بھی اس علم کی تھوڑی بہت سوجھ بوجھ رکھتا ہو وہ اس کتاب پر عمل کر کے دست شفاء کا مالک بن سکتا ہے اور موت کے منہ میں گئے مریضوں کو نئی زندگی دے سکتا ہے۔

قیمت 800 روپے

نایاب العملیات

یہ وہ کتاب ہے جس میں مصنف و مؤلف پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) نے نصف صدی کے عملیات و تجربات روحانیات کو مدنظر رکھتے ہوئے مستند ترین قسم کے اعمال و نقوش اور مجربات کو ہی قلم بند کیا ہے اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت اس کے عملیات کے مآخذ و مصادر کی ہے۔ جس سے اکثر علمائے علم وفن عاجز و قاصر رہے ہیں عملیات کی دنیا کی ایک ایسی کتاب ہے کہ جس سے ارباب علم وفن اور شائقین حضرات دونوں ہی استفادہ حاصل کر سکتے ہیں باکمال مصنف و مؤلف نے عملیاتی اسرار و شواہد کو کمال جانفشانی و محنت کے ساتھ روز روشن کی طرح واضح کر دیا ہے۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ اس کتاب میں تمام عملیات و نقوش بغیر زکوۃ کے با اجازت تحریر ہیں۔ ہر آستانہ اور ہر گھر کی ضرورت ہے۔

قیمت 1500 روپے

استحضار الارواح

باکمال مصنف پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات) کی نصف صدی کی کاوشوں کا نچوڑ اس کتاب میں حاضرات الارواح، تسخیر موکلات و جنات، تسخیر پریاں، سفلی ارواح اور دیوی دیوتاؤں کو قید کرنے، غلام بنانے اور اُن سے حیران کن کام لینے کے لیے اس کتاب میں مکمل رہنمائی کے ساتھ عملیات موجود ہیں۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ آپ تسخیر الارواح کا شوق رکھتے ہیں اور اس سے قبل تسخیر کے عملیات میں ناکام ہیں تو آج ہی اس کتاب کو پڑھیں اور کامیابی کی راہ پر گامزن ہوں۔

قیمت 2000 روپے

نایاب الرمل

تاریک پردوں کی اوٹ میں پوشیدہ واقعات اور مستقبل کی بند مٹھی میں چھپے ہوئے نامعلوم حالات کو جاننے اور دریافت کرنے کی جستجو میں حضرت انسان کی شب و روز کی انتھک محنت و کاوش کا لاجواب نچوڑ۔ مصنف کا دعوہ ہے کہ حضرت دانیالؑ کے اس معجزانہ علم پر عمل کر کے انسانی حالات و واقعات کو جان سکتا ہے اور نامعلوم حالات کو جان کر مختلف رازوں سے پردہ اُٹھا سکتا ہے کیوں کے یہ علم حقیقت کے قریب تر ہے۔

قیمت 1000 روپے

عاداتِ بد اور ہمہ قسم کے نشہ سے مکمل نجات

چوری، جوا، افیون، شراب، چرس اور ہیروئن کے عادی شخص کو معاشرہ اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتا ایسا شخص اپنے نشہ کو پورا کرنے کے لیے تمام اخلاقی حدود کو توڑ کر اپنا نشہ پورا کرنے پر تیار ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے والدین اور بیوی بچے بہت پریشان رہتے ہیں اگر کوئی شخص کسی ایسی غیر اخلاقی حرکت کا شکار ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ ہمہ قسم عادات بد اور نشہ سے نجات، کل نہیں آج اپنے پیاروں کو ایک نئی زندگی بخشیں ایک نئی صبح کے ساتھ

مکمل گارنٹی سے روحانی علاج

ہمیں خط لکھیں یا ملاقات کریں

ادارہ مقیاس الروحانیات

مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر